Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 پیر، 6 مئی 2024ء، 27 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 52

# نگران دور حکومت میں گندم خریداری میں گھپلے تحقیقات کا حکم

**ملک کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لیے ہم لڑائی کی بجائے مل بیٹھ کر مسائل کے حل کی طرف جائیں، پیپلزپارٹی کے ساتھ ہماری اچھی ورکنگ ریلیشن شپ ہے میں امید کرتا ہوں وہ ہماری کابینہ کا حصہ بنیں گے، وفاقی وزیرمنصوبہ بندی**

اسلام آباد: سعودی وفد پاکستان پہنچ گیا، وفاقی وزیرتجارت جام کمال نے استقبال کیا

نارووال (اے ایف بی) وفاقی وزیرمنصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سابقہ نگران دور میں گندم کی خریداری میں گھپلے کرنے والوں کے خلاف کمیٹی بنا کر معاملے کی تحقیقات کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارووال میں مختلف منصوبوں کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ احسن اقبال نے کہا (بقیہ نمبر 1)

### عطا تارڑ کی NA-127 میں کھلی کچہری، کارکنان کے مسائل سنے

**الیکشن میں وعدہ کیا تھا منتخب ہوکر بھی حلقے کے عوام کے درمیان رہوں گا**

**میرا حلقہ میرا گھر ہے، کارکنان خاندان کے فرد کی طرح ہیں، وفاقی وزیراطلاعات ونشریات**

لاہور (اے ایف بی) وفاقی وزیراطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے حلقہ این اے 127 میں اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور کارکنان کے مسائل سنے۔ رہنما مسلم لیگ ن عطاءاللہ تارڑنے کارکنان کے مسائل کے حل کے لئے فوری اقدامات کی (بقیہ نمبر 2)

### ڈیرہ: سگی خالہ نے 3 بچوں کو پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی، آرپی او کا نوٹس

**بچوں کی والدہ کا الزام ہے کہ اس کی بہن نے پیسوں کے تنازع پر بچوں کو جھلسا کر زخمی کردیا**

ڈیرہ غازی خان (آئی آئی پی) خالہ نے اپنے تین بھانجوں کو مبینہ طور پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی، والدہ کا الزام ہے کہ اس کی بہن نے پیسوں کے تنازع پر بچوں کو بچوں کی جھلسا کر زخمی کردیا۔ واقعہ کے بعد ملزمہ (بقیہ نمبر 5)

### ماں، 3 بیٹیاں اور بھتیجی پراسرار طور پر جاں بحق

**جاں بحق ہونے والوں میں ماں شمیم اس کی بیٹیاں فرزانہ، مسکان، رخسانہ اور بھتیجی اقصی شامل ہیں**

فیصل آباد (اے ایف بی) فیصل آباد میں ماں، 3 بیٹیاں اور بھتیجی پراسرار طور پر جاں بحق ہوگئیں، پولیس کے مطابق ماں اور بچیوں نے پیٹ کے درد کے لئے دوائی لی تھی۔ فیصل آباد میں تاندلیانوالہ کے علاقہ بستی جمو دلو میں (بقیہ نمبر 4)

### اسحاق ڈار کی وزیرخارجہ آذربائیجان سے ملاقات

**اسحاق ڈار کا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں تعاون اور تجربے کے تبادلے میں پاکستان کی دلچسپی کا اظہار**

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیرخارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کی آذربائیجان کے وزیرخارجہ جیہون بیراموف سے ملاقات ہوئی، ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر (بقیہ نمبر 3)

## مریم نواز سے کورین سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

# پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت

**صنعتی ترقی کیلئے کوریا کی ٹیکنالوجی سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، الیکٹرانکس، آٹوموبیل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں اشتراک کار کا خیر مقدم کریں گے : مریم نواز شریف**

**کوریا کے ساتھ دوطرفہ تجارتی حجم میں مزید اضافہ ہونا چاہیے، سرمایہ کاری کا وسیع پوٹینشل موجود ہے، الیکٹرانکس، آٹوموبیل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں کوریا کے اشتراک کار کا خیرمقدم کریں گے**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جنوبی کوریا کے سفیر پارک کیجن (Park Kijun) نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں باہمی اشتراک کار پر اتفاق اور دوطرفہ تعاون کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ صنعتی ترقی کے لیے کوریا کی ٹیکنالوجی سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔ الیکٹرانکس، آٹوموبیل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جنوبی کوریا کے سفیر پارک کجن (Park kijun) ملاقات کر رہے ہیں

### نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

ٹانک (آئی آئی پی) ٹانک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کانسٹیبل عثمان ڈیوٹی سے واپس گھر جارہا تھا کہ منزئی روڈ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی، پولیس اہلکار (بقیہ نمبر 7)

### سندھ پنجاب کے کچے میں آپریشن، ڈاکو عالم شر ونذیر شر ہلاک

**سرحدی علاقے کے مختلف مقامات پر ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلہ جاری ہے**

لاہور (این این آئی) سندھ اور پنجاب کے کچے کے علاقوں میں ڈاکوؤں کے خلاف ہونے والے آپریشن میں ڈاکو عالم شر ونذیر شر مارے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اس حوالے سے بتایا کہ سندھ اور پنجاب کے کچے کے سرحدی علاقوں میں ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن تیز کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ کچہ ماچھکہ سے ملحقہ سندھ کے سرحدی (بقیہ نمبر 6)

### پیپلزپارٹی کو حکومت میں شمولیت پر اہم وفاقی وزارتیں ملنے کا قوی امکان

**بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سربراہی بھی پیپلزپارٹی کو دی جائے گی، اتفاق رائے کی صورت میں بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن روبینہ خالد ہوں گی**

**وزیراعظم شہبازشریف نے ایک مرتبہ پھر پیپلزپارٹی کو سے مشاورت جاری کا عمل تیز کردیا ہے**

لاہور (این این آئی) کلیدی آئینی عہدوں کے بعد پاکستان پیپلزپارٹی نے وفاقی حکومت میں شمولیت پر مشاورت شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہبازشریف نے ایک مرتبہ پھر پیپلزپارٹی کو وفاقی حکومت میں شمولیت کی پیشکش کی جس پر مشاورت جاری کا عمل تیز کردیا گیا، پیپلزپارٹی کی حکومت میں شمولیت پر اہم وفاقی وزارتیں ملنے کا قوی امکان ہے۔ پارٹی ذرائع نے دعویٰ کیا (بقیہ نمبر 10)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کو ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز ملاقات کے موقع پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

### سعودی وفد کا دورہ پاکستان سرمایہ کاری کے معاہدوں پر دستخط متوقع

**حکومت سعودی کمپنیوں کی ملکی کمپنیوں کے ساتھ مل کر نوجوانوں کے لیے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی خواہش رکھتی ہے، ذرائع**

**سعودی وزیرخارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود کا پاکستان میں اقتصادی تعاون اور سعودی سرمایہ کاری کو مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ**

اسلام آباد (این این آئی) سعودی نائب وزیرسرمایہ کاری کی قیادت میں سرمایہ کاروں کے وفد کے دورہ پاکستان کے دوران 10 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط متوقع ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفد سعودی فرمانروا اور وزیراعظم محمد بن سلمان کی خصوصی ہدایات پر پاکستان کا دورہ کر رہا ہے، وفد میں سعودی عرب کی کاروباری تجارتی اور سرمایہ کار شخصیات شامل (بقیہ نمبر 9)

### ملک سے اضافی چینی کی برآمد کے امکانات پیدا ہونے لگے

**وزیراعظم نے چینی برآمد کا جائزہ لینے کے احکامات جاری کردیئے**

اسلام آباد (این این آئی) ملک سے اضافی چینی کی برآمد کے امکانات پیدا ہونے لگے، وزیراعظم شہبازشریف نے چینی کی برآمد کا جائزہ لینے کے احکامات جاری (بقیہ نمبر 24)

سعودی وفد کا پاکستان پہنچنے پر وفاقی وزیر مصدق ملک سعودی وزیر سے مصافحہ کر رہے ہیں

### شہداء کی قربانیاں ضائع نہیں جانے دینگے، وزیرداخلہ

**اتحاد کی قوت سے دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کریں گے، کے پی کے پولیس دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن پر ہے**

**وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کا دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے کانسٹیبل عثمان غنی کو خراج عقیدت پیش**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے ٹانک میں تھانہ ایس ایم اے کی حدود میں شان خیل کورونہ کے قریب دہشتگردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے کانسٹیبل عثمان غنی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانسٹیبل عثمان غنی نے شہادت کا بلند رتبہ پایا، کے پی کے پولیس دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن پر ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ شہید کانسٹیبل عثمان غنی نے وطن عزیز کے امن کے لئے اپنی قیمتی جان نچھاور کی۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے پولیس دہشت گردی (بقیہ نمبر 19)

### گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی تقریب حلف برداری ملتوی

لاہور (اے ایف بی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی آج ہونے والی تقریب حلف برداری ملتوی کر دی گئی۔ رہنما پیپلزپارٹی پنجاب کے جنرل سیکریٹری حسن مرتضیٰ نے بتایا کہ ناگزیر وجوہات پر نئے گورنر کی تقریب حلف برداری ملتوی کی گئی، گورنر پنجاب کی تقریب حلف برداری (کل) 7 مئی کو شام 6 بجے ہوگی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پنجاب اور خیبرپختونخوا میں پاکستان (بقیہ نمبر 13)

### وزیرداخلہ کا پاسپورٹ آفس 24 گھنٹے کھلے رکھنے کا اعلان

**شہریوں کو کسی بھی وقت پاسپورٹ آفس کی سہولیات تک رسائی ممکن ہوگی، محسن نقوی**

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے عوام کو آسانی اور سہولت فراہم کرنے کے لیے پاسپورٹ آفس 24 گھنٹے کھلے رکھنے کا اعلان (بقیہ نمبر 11)

### ایمل ولی خان عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر منتخب

**سردار حسین بابک پارٹی سیکریٹری خارجہ امور اور انجینئر احسان سیکریٹری اطلاعات بن گئے**

پشاور (اے ایف بی) سینئر سیاستدان اسفندیار ولی خان کے صاحبزادے ایمل ولی خان عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر منتخب ہوگئے۔ اے این پی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں ایمل ولی خان عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر (بقیہ نمبر 12)

### الیکشن کمیشن کی تشکیل نو کیلئے دائر درخواست سماعت کیلئے مقرر

**چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان درخواست پر (آج) سماعت کریں گے**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں الیکشن کمیشن کی تشکیل نو کے لیے دائر درخواست سماعت کے لیے مقرر ہوگئی۔ چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان شہری طالب حسین کی درخواست پر آج (پیر) 6 مئی کو سماعت کریں گے۔ واضح رہے کہ عدالت نے (بقیہ نمبر 25)

### سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں نہ ملنے کے مقدمے کی سماعت (آج) ہوگی

اسلام آباد (اے ایف بی) سپریم کورٹ میں سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں نہ ملنے کے مقدمے کی سماعت (آج) پیر کو ہوگی۔ سپریم کورٹ نے نئی کاز لسٹ جاری کر دی، جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ (آج) 6 مئی بروز پیر کو سماعت کرے گا، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ بھی (بقیہ نمبر 26)

برج سولر اور پاور سیمنٹ کے درمیان ونڈ پاور پروجیکٹ کی تنصیب کے حوالے پر دستخط کے بعد دستاویز کا تبادلہ کیا جارہا ہے

### ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیرصدارت ٹریفک ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اجلاس

**وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا**

**ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی (بقیہ نمبر 14)

### شرح سود میں کمی کیلئے مرکزی بینک پر دباؤ میں اضافہ

**مہنگائی کم ہونے کے تناظر میں اسٹیٹ بینک پر زری پالیسی کا ہنگامی اجلاس طلب اور شرح سود پر نظرثانی کرنے کے لیے دباؤ میں اضافہ ہونے لگا**

**کنزیومر پرائس انڈیکس سے پیمائش کردہ مہنگائی کی کمی کے بعد 17.3 فیصد پر آنے کے بعد صنعت وتجارت نے بلند شرح سود میں کمی کا مطالبہ کیا**

کراچی (این این آئی) مہنگائی کم ہونے کے تناظر میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان پر زری پالیسی کا ہنگامی اجلاس طلب اور شرح سود پر نظرثانی کرنے کے لیے دباؤ میں اضافہ ہونے لگا۔ نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ مہنگائی کے حالیہ اعدادوشمار کے اجرا سے قبل مرکزی بینک نے 29 اپریل کو اجلاس میں شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان کیا تھا۔ کنزیومر پرائس انڈیکس سے پیمائش (بقیہ نمبر 27)

### میرپورخاص کے گندے پانی میں پولیو وائرس کا انکشاف

**اس سال ضلع میں پولیو وائرس کا پہلا مثبت نمونہ سامنے آیا ہے، محکمہ صحت سندھ**

میر پور خاص (اے ایف بی) میرپورخاص کے گندے پانی میں پولیو وائرس ہونیکا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق 2 اپریل کو میر (بقیہ نمبر 20)

### خودکش بمبار کو نشے کے انجکشن لگائے گئے، اہل خانہ

**وزیرستان کا 17 سالہ نوجوان نظام الدین ٹی ٹی پی کے ہتھے چڑھ گیا تھا**

وزیرستان (اے ایف بی) وزیرستان کا 17 سالہ نوجوان نظام الدین ٹی ٹی پی کے ہتھے چڑھ گیا تھا، بیٹے کی اس غلطی کی وجہ سے آج خاندان کا روزگار چھن چکا، رشتے (بقیہ نمبر 21)

### پاکستانی نژاد برطانوی شہری اور لیبر امیدوار صادق خان نے تیسری بار میئر لندن منتخب ہوکر ہیٹ ٹرک مکمل کرلی

لندن (آئی آئی پی) پاکستانی نژاد برطانوی شہری اور لیبر امیدوار صادق خان نے تیسری بار میئر لندن منتخب ہو کر ہیٹ ٹرک مکمل کرلی۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق صادق خان نے 43 فیصد اور سوزن ہال نے 33 فیصد ووٹ حاصل کئے، لندن میں میئر کے انتخاب کے لیے لیبر پارٹی کے صادق خان اور کنزرویٹو پارٹی کی سوزن (بقیہ نمبر 15)


لاہور: طالبعلم نیلاگنبد چوک میں لگے سٹالز پر پرانی کتابیں دیکھ رہے ہیں

### وزیراعظم کی صادق خان کو لندن کا میئر منتخب ہونے پر مبارکباد

**ایک محنتی برطانوی پاکستانی کے قابل فخر فرزند نے ہر پاکستانی کا سرفخر سے بلند کیا**

**تیسری بار لندن کا میئر منتخب ہونا صادق خان کی قابلیت کا ثبوت ہے، شہبازشریف**

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم شہباز شریف نے صادق خان کو لندن کا میئر بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلسل تیسری بار لندن کا میئر بننے پر صادق خان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ایک محنتی برطانوی پاکستانی کے قابل فخر فرزند نے ہر پاکستانی کا سرفخر سے بلند کیا۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 16)

### مسافر بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار میاں بیوی جاں بحق

چیچہ وطنی (نامہ نگار) چیچہ وطنی کے قریب قومی شاہراہ پر مسافر بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار میاں بیوی جاں بحق ہوگئے، پولیس کے مطابق حادثہ 4، چودہ ایل کسووال میں تیز رفتاری کے باعث پیش آیا جہاں ملتان کی جانب سے آنیوالی مسافر بس نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، حادثہ کے نتیجہ میں موٹر سائیکل پر سوار محمد فرید ساکن 100، بارہ ایل اور (بقیہ نمبر 17)

فیصل آباد تاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان اور سکندر حیات جتوئی این اے 97 کے دورہ کے موقع پر محمد صابر سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

### عازمین حج کو روانگی سے پانچ دن پہلے ویکسی نیشن کو یقینی بنائیں

**سعودی عرب روانگی سے کم ازکم پانچ دن قبل ویکسی نیشن کروالیں، وزارت مذہبی امور**

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امورنے کہا ہے کہ عازمین حج کو روانگی سے پانچ دن پہلے ویکسی نیشن کو یقینی بنائیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے عازمین حج کو ہدایات کی ہے کہ سعودی عرب روانگی سے کم ازکم پانچ دن قبل ویکسینیشن کروالیں تاکہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جا سکے۔ وزارت (بقیہ نمبر 28)

### اسرائیلی فوج کی خون ریز کارروائیاں، مزید 5 فلسطینی شہید

غزہ (آئی آئی پی) اسرائیلی فوج کی خون ریز کارروائیاں جاری ہیں، طولکرم میں مزید 5 فلسطینی شہید کردیئے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی فورسز نے مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر طولکرم کے قریب (بقیہ نمبر 29)

### پولیس کی گاڑی پر حملہ، جوابی کارروائی میں 4 دہشتگرد مارے گئے

**نیوسریاب پولیس تھانے کی موبائل گاڑی کلی زرین کے قریب معمول کے گشت پر تھی**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے کلی زرین نیوسریاب میں پولیس کی گاڑی پر نامعلوم دہشتگردوں نے حملہ کر دیا، جوابی فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشت گرد مارے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق نیوسریاب پولیس تھانے کی موبائل گاڑی کلی زرین کے قریب معمول کے گشت پر تھی، نامعلوم مسلح ملزموں نے فائرنگ شروع کر دی (بقیہ نمبر 30)

### پالتو کتوں کی وجہ سے ہونے والی لڑائی پڑوسی کی جان لے گئی

نئی دہلی (آئی آئی پی) پالتو کتوں کی وجہ سے ہونے والی لڑائی جان لیوا ثابت ہوئی، ایک شخص نے اپنے پڑوسی کو ڈنڈے اور لوہے کی راڈ سے مار کر ہلاک کردیا۔ بھارتی ضلع کوٹہ میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک پڑوسی نے پالتوں کتوں کی وجہ سے (بقیہ نمبر 31)

### سی ٹی ڈی کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشتگرد ہلاک

**ہلاک دہشتگردوں کی کی شناخت نصیب اللہ اور احسان اللہ کے نام سے ہوئی**

راولپنڈی/لاہور (این این آئی) راولپنڈی میں محکمہ انسداد دہشتگردی اور دہشتگردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشتگرد مارے گئے، ہلاک ملزمان ڈولفن کے شہید اہلکار پر حملے میں ملوث تھے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے سی ٹی ڈی کی ٹیم پر حملہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں مارے گئے جبکہ ان کے باقی ساتھی فرار ہو (بقیہ نمبر 22)

### گیس چوروں کیخلاف ایکشن، متعدد کنکشن منقطع، جرمانے

**پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 82 گیس کنکشن منقطع، اور 20 لاکھ سے زائد کے جرمانے**

**مردان میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 8 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 1 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کیے گئے**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبرپختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 82 گیس کنکشن منقطع کردیے۔ جبکہ 20 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 16 گیس کنکشن منقطع کیے مزید ٹیم نے 4 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیرقانونی استعمال پر 8 گیس کنکشن منقطع جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور اور کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 40 گیس کنکشن منقطع کیے اور 15 لاکھ کے جرمانے بھی (بقیہ نمبر 18)

SUI NORTHERN

### وزیرتعلیم کی چوری ہونے والی سرکاری گاڑی برآمد، 2 ملزمان گرفتار

**ملزمان سے لنڈی کوتل، چارسدہ اور پشاور سے گاڑیاں برآمد کی گئیں، پولیس**

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی تھانہ نیوٹاؤن کی حدود سے چوری ہونے والی وزیر تعلیم گلگت بلتستان غلام شہزاد آغا کی سرکاری ڈبل کیبن ویگو گاڑی برآمد کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مجموعی طور پر 7 گاڑیاں برآمد کی گئیں جن میں ایک سرکاری گاڑی وزیر تعلیم گلگت بلتستان کی بھی ہے۔ غلام شہزاد آغا کی گاڑی مارچ میں (بقیہ نمبر 23)

### موبائل فون کے استعمال سے روکنے پر بہن نے بڑے بھائی کو قتل کردیا

نئی دہلی (آئی آئی پی) بھارتی ریاست چھتیس گڑھ میں بہن نے موبائل فون کے استعمال سے روکنے پر بھائی کو قتل کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 14 سالہ بہن نے مبینہ طور پر گلے پر کلہاڑی مار کر بھائی کو قتل کیا۔ بھارتی ریاست چھتیس گڑھ کے ضلع خیرا گڑھ میں یہ واقعہ پیش آیا ہے جہاں 18 سالہ بھائی کی جانب سے بہن (بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان وفاقی وزیر علیم خان کا وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ آمد پر استقبال کر رہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

# اشاعت خاص

ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر

## محکمہ بہبود آبادی پنجاب جدید ڈیجیٹل دور میں داخل

# تاریخ ساز اقدامات



تحریر۔ محمد ناظم الدین

### ٹیکنیکی اختراعات کی بنا پر محکمہ بہبود آبادی پنجاب کا پاکستان بھر کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے میں انقلابی قدم

### محکمہ نے عوامی بیداری اور وکالت کے لیے موبائل ایپلیکیشن "خوشی کی بات" لانچ

### پی ڈبلیو ڈی اور پی آئی ٹی بی کی باہمی مشارت سے موبائل پر مبنی ٹیکنالوجیز متعارف

### محکمہ پاپولیشن ویلفیئر میں کاغذ پر مبنی روایتی نظام کو یکسر بدل کر موبائل ایپلی کیشنز میں تبدیل

### ڈیٹا مینجمنٹ، خدمات کی فراہمی، اور تولیدی صحت کی ضروریات میں جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہے

### ویب اور اینڈرائیڈ پر مبنی ملازمین کی حاضری، IEC سرگرمیوں کی ڈیجیٹلائزیشن، ایڈووکیسی ایپلیکیشن، مانیٹرنگ شامل

### جیوٹیگنگ کو اعداد و شمار اور متعلقہ ڈیٹا دیکھنے کے لیے ایک ہی ڈیش بورڈ کو ڈیزائن کرنے کے لیے تیار اور مربوط کیا گیا ہے

### محکمہ بہبود آبادی کے 1,884 فیملی ویلفیئر سینٹرز اور 120 فیملی ہیلتھ کیئر سینٹرز کو جیوٹیگ اور رابطہ کی تفصیلات دستیاب

### محکمہ کی عوامی بیداری کے لیے تازہ ترین مواد اپ لوڈ کر کے سوشل میڈیا پر بھی توجہ مرکوز

INTERNATIONAL WOMEN'S DAY
BE BOLD FOR CHANGE
PARTICIPATION OF WOMEN IN DECISION MAKING

پاپولیشن ویلفیئر پنجاب نے آبادی میں اضافے کی شرح میں کو کنٹرول کیلئے تیزی سے کامیابی کی منازل طے کی ہیں، پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ساتھ مل کر اور کم وسائل کی ترتیبات میں وسیع رسائی کے لیے موبائل پر مبنی ٹیکنالوجیز متعارف کروا کر اور کام کے عمل کو بہتر بنا کر ڈیٹا کے اس فرق کو پر کرنے کے لیے ڈیجیٹل حل کا انتخاب کیا ہے۔ اپنے کاموں میں کارکردگی اور شفافیت کو بڑھانے کے لیے، پنجاب، پاکستان میں پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ 2015 سے PITB کے ساتھ ضرورت پر مبنی ٹیکنالوجیز اور ڈیجیٹل حل تیار کرنے کے لیے کام کر رہا ہے، جس سے ڈیٹا اکٹھا کرنے کے عمل میں انقلاب آ رہا ہے۔ محکمہ ایک ڈیجیٹل دور میں منتقل ہو چکا ہے۔ اپنے آپریشنز کو ہموار کرنے اور پنجاب کے لوگوں کے لیے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال۔ ان اقدامات کا مقصد ڈیٹا مینجمنٹ، خدمات کی فراہمی، اور تولیدی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے میں مجموعی طور پر تاثیر کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہے۔ چونکہ خاندانی منصوبہ بندی کے موثر پروگرامنگ کے لیے درست ڈیٹا اکٹھا کرنا ضروری ہے، اس لیے محکمے نے کاغذ پر مبنی روایتی نظاموں کو موبائل ایپلی کیشنز سے بدل دیا ہے جیسے کہ اہل جوڑوں کی ای رجسٹریشن اور کلینکس کی فرنچائزنگ جہاں 0.6 ملین سے زائد کلائنٹس خاندانی منصوبہ بندی کی خدمت کے لیے رجسٹر کیے گئے ہیں۔ فراہمی اس ریئل ٹائم ڈیٹا اکٹھا کرنے سے دستی ڈیٹا انٹری سے وابستہ غلطیوں اور تاخیر میں کافی حد تک کمی آئی ہے۔

آگاہی سیمینار
0800-7930

عمل کی ڈیجیٹائزیشن صرف عوامی خدمات کی فراہمی تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ اس میں شفافیت اور موثر فیصلہ سازی کو فروغ دینے کے لیے انتظامی عمل کو خودکار بنانا اور محکمے کی نگرانی بھی شامل ہے۔ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم جیسے انوینٹری مینجمنٹ، پروجیکٹ لاگت کا تخمینہ لگانے کا ٹول، کارکردگی اور نگرانی کے نظام کو دستی ریکارڈ رکھنے کی جگہ تیار کیا گیا ہے۔ ویب اور اینڈرائیڈ پر مبنی حل جیسے کہ ملازمین کی حاضری کا نظام، IEC سرگرمیوں کی ڈیجیٹلائزیشن، ایڈووکیسی ایپلیکیشن، مانیٹرنگ، اور سہولیات کی جیوٹیگنگ کو اعداد و شمار اور متعلقہ ڈیٹا دیکھنے کے لیے ایک ہی ڈیش بورڈ کو ڈیزائن کرنے کے لیے تیار اور مربوط کیا گیا ہے۔ محکمہ کے 800 سے زائد ملازمین حاضری کی نگرانی اور انتظام کے لیے حاضری کی درخواست میں رجسٹرڈ ہیں۔ جبکہ 2023 سے اب تک 36 اضلاع میں 17,071 خاندانی منصوبہ بندی کی سرگرمیاں جیسے کہ کمیونٹی میٹنگز، فری میڈیکل کیمپس، خصوصی IUD کیمپس، اور فیملی پلاننگ انفارمیشن کاؤنٹر کو شیڈول اور انجام دیا گیا ہے۔ محکمے کو مربوط حل سے فائدہ ہوگا کیونکہ ڈیٹا ایک ہی پلیٹ فارم پر قابل رسائی ہوگا۔ آئی ٹی پر مبنی ماڈلز کو اپنانے سے محکمہ کو آبادی کے اعداد و شمار، زرخیزی کی شرح، مانع حمل کے استعمال اور دیگر متعلقہ میٹرکس کی بہتر ٹریکنگ میں مدد ملی ہے۔ اعداد و شمار نے شواہد کی بنیاد پر فیصلہ سازی اور پالیسی سازی میں بھی مدد کی ہے، جبکہ آن لائن درخواستیں اور فیلڈ موبلائزیشن نے آبادی کے لیے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک آسان رسائی کی سہولت فراہم کی ہے۔

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے حال ہی میں عوامی بیداری اور وکالت کے لیے ایک موبائل ایپلیکیشن "خوشی کی بات" کو ڈیزائن اور لانچ کیا ہے۔ ایپلیکیشن کا مقصد کنٹیکٹ لیس سوالات کے جوابات اور خاندانی منصوبہ بندی، شادی سے پہلے اور مانع حمل ادویات سے متعلق عوام کے لیے تعلیمی مواد تک رسائی کو فروغ دینا ہے۔ محکمہ بہبود آبادی کے 1,884 فیملی ویلفیئر سینٹرز اور 120 فیملی ہیلتھ کیئر سینٹرز کو جیوٹیگ کیا گیا ہے اور رابطہ کی تفصیلات عوام کے لیے دستیاب ہیں۔ اس اقدام کا تصور عوامی رسائی کو بڑھانے کے لیے کیا گیا ہے جبکہ عوام کو خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات حاصل کرنے کے لیے ایک محفوظ اور محفوظ پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔



الیکٹرانک ریکارڈ رکھنے کے نظام کو اپنانے کے ذریعے، محکمہ نے ڈیٹا مینجمنٹ کے عمل کو ڈیجیٹائز کیا ہے اور اس کا مزید مقصد ڈیٹا اکٹھا کرنے، ذخیرہ کرنے اور تجزیہ کو ہموار کرنا ہے۔ یہ آبادی کے اعداد و شمار، زرخیزی کی شرح، اور مانع حمل استعمال کے نمونوں کی زیادہ درست ٹریکنگ کے قابل بنائے گا، شواہد پر مبنی فیصلہ سازی اور پالیسی کی تشکیل میں سہولت فراہم کرے گا۔ طویل مدتی نتائج اور تاثیر پیدا کریں۔

IT پر مبنی مداخلتوں نے PWD کو مداخلتوں کی پیشرفت کا پتہ لگانے، چیلنجوں کی نشاندہی کرنے اور ضرورت کے مطابق بروقت ایڈجسٹمنٹ کرنے میں مدد کی ہے۔ آن لائن وسائل، انٹرایکٹو ٹولز، اور آؤٹ ریچ مہمات کا استعمال معلومات کو پھیلانے اور افراد کو اپنے خاندان اور صحت کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے کیا جائے گا۔ محکمہ عوامی بیداری کے لیے تازہ ترین مواد اپ لوڈ کرنے کے لیے مختلف پلیٹ فارمز کے ذریعے سوشل میڈیا کی موجودگی کو بڑھانے پر بھی توجہ مرکوز کر رہا ہے۔

ان تکنیکی ایجادات کے اثرات پر بات کرتے ہوئے، پنجاب میں پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر جنرل محترمہ ثمن رائے نے ریمارکس دیے، "ٹیکنالوجی کو اپنانے نے ہمارے کاموں میں انقلاب برپا کر دیا ہے، جس سے ہم پنجاب کے لوگوں کی زیادہ موثر اور مؤثر طریقے سے خدمت کر سکتے ہیں۔ اب ہماری آبادی کی ضروریات کو سمجھنے اور اس کے مطابق اپنے پروگراموں کو تیار کرنے کے لیے بہتر طریقے سے لیس ہیں۔" جیسا کہ پنجاب ڈیجیٹل دور کو قبول کر رہا ہے، پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ آبادی کی صحت کے نتائج کو بہتر بنانے اور اپنے شہریوں کی مجموعی بہبود کو بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے پرعزم ہے۔ ٹیکنالوجی کے بنیادی ڈھانچ اور صلاحیت کی تعمیر میں مسلسل سرمایہ کاری کے ساتھ، محکمہ آنے والے سالوں میں مزید پیش قدمی کرنے کے لیے تیار ہے، اور سماجی ترقی کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کے لیے دوسرے خطوں کے لیے ایک مثال قائم کرتا ہے۔



THE DIFFERENT TYPES OF DIGITAL TECHNOLOGY
Business technology
OT - Operational technology
IT - Information technology
Educational technology
Blockchain technology
Communication technology
Adaptive AI/ Superintelligence
Digital Adoption

### بقیہ 1

ملک کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لیے اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم لڑائی کی بجائے مل بیٹھ کر مسائل کے حل کی طرف جائیں تاکہ سیاسی طور پر امن اور استحکام ہو اور پالیسیز کا تسلسل بھی ہو اور سرمایہ کاری کی راہ ہموار کی جاسکے۔ انہوں نے کہا پیپلز پارٹی کے ساتھ ہماری اچھی ورکنگ ریلیشن شپ ہے میں امید کرتا ہوں وہ ہماری کابینہ کا حصہ بنیں گے اور تعمیر وطن کے اس سفر میں ہم انکے تجربے سے استفادہ حاصل کریں گے ہماری نظر 2047 میں منائے جانے والے وطن عزیز کے سو سالہ جشن آزادی پر ہونی چاہیں اور ہمیں آج پلاننگ کرنی ہو گی کہ ہم 2047 تک کے اہداف کو کس طرح حاصل کرسکتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ آپ اگر ڈاکٹر ہیں تو پاکستان آپکا ہسپتال ہے اگر ٹیچر ہیں تو پاکستان آپکا سکول ہے اور ہم اپنی اپنی جگہ پر بہتر کام کر کے اپنے پیارے وطن کی خدمت کرسکیں بعد ازاں احسن اقبال نے نارووال رنسیوال پھاٹک سے ریلوے اسٹیشن تک روڈ لائٹس کا افتتاح کیا۔

### بقیہ 2

ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ الیکشن میں وعدہ کیا تھا منتخب ہو کر بھی حلقے کے عوام کے درمیان رہوں گا، میرا حلقہ میرا گھر ہے اور کارکنان خاندان کے فرد کی طرح ہیں، آج بھی نہ صرف حلقہ میں موجود ہوں بلکہ کارکنان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروا رہا ہوں۔ اس موقع پر لیگی رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال، ایم پی اے میاں عمران جاوید اور بی ڈی ڈیری نے عطا تارڑ سے افضل حسین تارڑ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دعا گو ہیں مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام ملے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ افضل حسین تارڑ مرحوم ہمارے خاندان کے بڑے اور نہایت شفیق انسان تھے، افضل حسین تارڑ مرحوم کی ملک وقوم اور پارٹی کیلئے خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

### بقیہ 3

خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کی جانب سے تجارت، توانائی اور عوامی رابطوں سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے وزرا نے سیاسی سطح پر روابط اور بات چیت کو فروغ دینے پر اتفاق رائے کیا، ملاقات کے دوران وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے باکو کو کوپ 29 کی میزبانی کے لئے نامزد ہونے پر مبارکباد دی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ اسحاق ڈار نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں تعاون اور تجربے کے تبادلے میں پاکستان کی جانب سے دلچسپی کا اظہار کیا اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کے منصفانہ کاز پر آذربائیجان کے مضبوط اور اصولی موقف کی تعریف کی۔

### بقیہ 4

پراسرار طور پر جاں بحق ہونے والوں میں ماں شمیم اس کی بیٹیاں فرزانہ، مسکان، رخسانہ اور بھتیجی اقصی شامل ہیں۔ خاتون شمیم اور 4 کم سن بچیوں کی ہلاکت کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، پولیس کے مطابق مقدمہ شمیم کے شوہر مظہر علی کی مدعیت میں پنسار کی دکان مالک عبدالوہاب کے خلاف درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق بچیوں کو نزلہ زکام ہونے کی وجہ سے خاتون شمیم پنسار عبدالوہاب کی دکان سے پھکی خرید کر لائی، خاتون اور چاروں بچیوں نے پھکی ملا کر دودھ پیا تو سب کی حالت بگڑ گئی۔ ایف آئی آر میں دیے بیان کے مطابق حالت بگڑنے پر متاثرہ خاتون اور بچیوں کو فوری ہسپتال لے جایا گیا مگر جانبر نہ ہوسکیں۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم عبدالوہاب کو گرفتار کرلیا ہے، واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

### بقیہ 5

فرار ہوگئی، پولیس نے تلاش شروع کردی ہے۔ پولیس کے مطابق علاقہ چورہٹہ کی رہائشی خاتون نے بتایا کہ اس کے تین بچوں کو اس کی بہن نے پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی اور اس کے بعد چھریوں کے وار بھی کیے، بچوں کی عمریں 2 سے 8 سال ہے۔ ایک بچے کو تشویشناک حالت میں نشتر ہسپتال ملتان ریفر کیا گیا ہے۔ آمنہ بی بی کے مطابق اس کی بہن کو رنج تھا کہ ہماری والدہ میرے پاس اپنے پیسے جمع کرتی تھیں۔

### بقیہ 6

علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ ٹارگٹڈ آپریشن میں 2 خطرناک ڈاکو عالم شر اور نذیر شر ہلاک، ڈاکو مٹھا شر سمیت 7 ڈاکو زخمی ہوئے ہیں۔ ڈی پی او رضوان گوندل نے بتایا کہ دونوں صوبائی سرحدی علاقے کے مختلف مقامات پر ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن میں ماچھکہ، بھونگ، صادق آباد اور کوٹ سبزل کی پولیس اور بگٹی قبیلے کے رضا کار بھی شامل ہیں جبکہ گھوٹکی اور راجن پور پولیس کو بھی طلب کیا گیا ہے۔

### بقیہ 7

کی لاش کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

### بقیہ 8

میں کوریا کے اشتراک کار کا خیر مقدم کریں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں زراعت اور مائننگ انڈسٹری میں سرمایہ کاری کا وسیع پوٹینشل موجود ہے۔ کوریا کے ساتھ دوطرفہ تجارتی حجم میں مزید اضافہ ہونا چاہیے۔ جنوبی کوریا کو پنجاب میں آٹو موبیل سیکٹر میں سرمایہ کاری کیلئے معاونت کریں گے۔ ویون کاٹن اور کاٹن یارن ٹیکسٹائل سیکٹر میں کوریا کو برآمدات کے مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید زراعت، پیداواری صلاحیت بڑھانے میں کوریا سے تعاون کے فروغ کی ضرورت ہے۔ جنوبی کورین سفیر نے وزیراعلیٰ مریم نواز کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔

### بقیہ 9

ہیں۔ گزشتہ روز وفاقی وزیر توانائی مصدق ملک نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا تھا کہ سعودی وفد میں سعودیہ کی آئی ٹی، میرین، مائننگ، تیل وگیس کی تلاش، ادویات سازی، ایوی ایشن کی بڑی بڑی کمپنیوں کے 30 سے زائد سی ای اوز شامل ہوں گے۔ فنانس، زراعت، ٹیلی کمیونیکیشن، تعمیرات، لاجسٹک سروسز، پراپرٹی ڈویلپرز، ریٹیلرز اور دیگر کمپنیوں کے سربراہان بھی وفد کا حصہ ہوں گے۔ حکومت سعودی کمپنیوں کی ملکی کمپنیوں کے ساتھ مل کر نوجوانوں کے لیے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی خواہش رکھتی ہے۔ وفاقی وزیر توانائی کے مطابق سعودی وفد کی پاکستان میں موجودگی کے دوران 10 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہونے کا امکان ہے۔ دوسری جانب سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود نے پاکستان میں اقتصادی تعاون اور سعودی سرمایہ کاری کو مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں شہزادہ فیصل نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ تزویراتی اور اقتصادی تعلقات کو اہم قرار دیا تھا۔

### بقیہ 10

کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سربراہی بھی پیپلز پارٹی کو دی جائے گی، اتفاق رائے کی صورت میں بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن روبینہ خالد ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت، چیئرمین سینیٹ کے بعد پی پی کو دو اور اہم آئینی عہدے گورنرز کی صورت میں مل چکے تاہم پیپلز پارٹی کی جانب سے کابینہ کا حصہ بننے سے متعلق تاحال کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ پیپلز پارٹی ذرائع نے بتایا کہ پارٹی کے سی ای سی اجلاس یا پھر ممبران کونسل سے مشاورت کے بعد حکومت میں شمولیت سے متعلق حتمی فیصلہ کیا جائے گا، کابینہ میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ بھی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے ہی کیا تھا اب بھی فیصلہ سی ای سی ہی کرے گی۔

### بقیہ 11

کردیا، شہریوں کو کسی بھی وقت پاسپورٹ آفس کی سہولیات تک رسائی ممکن ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو سرکاری چھٹی کے باعث پورے ملک میں پاسپورٹ آفس بند ہوتے ہیں لیکن وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے عوام کو آسانی اور سہولت فراہم کرنے کے لیے بڑے شہروں لاہور اور کراچی دونوں میں کم از کم ایک پاسپورٹ آفس 24 گھنٹے کھلا رکھنے کا اعلان کیا ہے، اس سے شہریوں کے لیے کسی بھی وقت پاسپورٹ آفس کی سہولیات تک رسائی آسان اور ممکن ہوگی۔ واضح رہے بڑے شہروں میں میگا سنٹر کے نام سے نادرا آفس پہلے بغیر 24 گھنٹے کام کررہے ہیں

### بقیہ 12

رجبکہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ سلیم خان اے این پی کے جنرل سیکریٹری منتخب ہوگئے۔ اس کے علاوہ سردار حسین بابک پارٹی سیکریٹری خارجہ امور اور انجینئر احسان سیکریٹری اطلاعات بن گئے۔ ڈاکٹر میرب اعوان پہلی بار مرکزی سیکریٹری برائے خواجہ سرا حقوق منتخب ہوئے۔

### بقیہ 13

پیپلز پارٹی کے نامزد سردار سلیم حیدر اور فیصل کریم کنڈی کو گورنر تعینات کردیا گیا تھا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے گورنرز کی تقرری کی منظوری دے دی تھی۔ دریں اثنا، گزشتہ روز ہی پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل کریم کنڈی نے صوبہ خیبر پختونخوا کے 40 ویں گورنر کی حیثیت سے عہدے کا حلف اٹھالیا تھا۔

### بقیہ 14

میں اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں تمام برانچز کے انچارج صاحبان نے شرکت کی، ایس ایس پی ٹریفک نے اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، انہوں نے اسلام آباد میں شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، روڈ ڈسپلن کو قائم رکھنے، ٹریفک قوانین پر پابندی کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کاروائیوں کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری اور مستعدی سے سرانجام دیں، ڈیوٹی میں کوتاہی اور لاپرواہی کرنیوالوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ مختلف شاہراہوں پر شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرے گی۔

### بقیہ 15

ہال کے درمیان کڑا مقابلہ تھا جس میں صادق خان نے 43 فیصد اور سوزن ہال نے 33 فیصد ووٹ حاصل کئے۔ برطانوی میڈیا نے بتایا کہ نتائج کے مطابق صادق خان 1 لاکھ 27 ہزار 455 ووٹ لیکر دوبارہ لندن کے میئر منتخب ہوگئے جبکہ مدمقابل کنزرویٹو امیدوار سوسن ہال صرف 34 ہزار ووٹ حاصل کرسکیں۔ خیال رہے کہ نومنتخب میئر صادق خان کے منشور میں بچوں کے لئے سکولوں میں مفت کھانا، پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی، لندن میں سستے گھروں کی تعمیر، گریٹر لندن اور فضائی آلودگی میں کمی کے ساتھ، پانچ لاکھ درخت لگانے، شام میں تیرہ سو نئے پولیس افسران کی تعیناتی کے عوامی، فلاحی منصوبے شامل ہیں۔ واضح رہے کہ صادق خان پہلی مرتبہ 2016 جبکہ دوسری بار 2021 میں میئر لندن منتخب ہوئے تھے، 2016 میں صادق خان نے کنزرویٹو امیدوار اور سابق پاکستانی وزیراعظم کی سابقہ اہلیہ جمائما کے بھائی زیک گولڈ اسمتھ کو شکست دی تھی۔

### بقیہ 16

تیسری بار لندن کا میئر منتخب ہونا صادق خان کی قابلیت اور عوامی خدمت کا ثبوت ہے، مستقبل میں صادق خان کی مزید کامیابیوں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستانی نژاد برطانوی شہری اور لیبر امیدوار صادق خان نے تیسری بار میئر لندن منتخب ہوکر ہیٹ ٹرک مکمل کی ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق صادق خان نے 43 فیصد اور سوزن ہال نے 33 فیصد ووٹ حاصل کئے ہیں۔ واضح رہے کہ صادق خان پہلی مرتبہ 2016 جبکہ دوسری بار 2021 میں میئر لندن منتخب ہوئے تھے، 2016 میں صادق خان نے کنزرویٹو امیدوار اور سابق پاکستانی وزیراعظم کی سابقہ اہلیہ جمائما کے بھائی زیک گولڈ اسمتھ کو شکست دی تھی۔

### بقیہ 17

اکی بیوی رضیہ بی بی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، بس ڈرائیور جائے حادثہ سے فرار ہوگیا، پولیس نے بس قبضہ میں لیکر تفتیش شروع کردی ہے۔

### بقیہ 18

عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 8 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ مردان میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 8 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 1 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

### بقیہ 19

کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے کی پولیس کے شہیدوں نے اپنے لہو سے قربانیوں کی تاریخ لکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ضائع نہیں جانے دیں گے، اتحاد کی قوت سے دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کریں گے۔

### بقیہ 20

پور خاص سے لیا گیا نمونہ نیشنل انسٹیٹیوٹ اسلام آباد بھیجا گیا تھا، سیمپل رنگ روڈ پر پران نامی نکاسی آب نالے سے لیا گیا تھا۔ محکمہ صحت نے بتایا کہ اس سال ضلع میرپور خاص میں پولیو وائرس کا پہلا مثبت نمونہ سامنے آیا ہے۔ اس حوالے سے ڈی ایچ او ڈاکٹر جے رام نے کہا کہ ضلع پولیو سے پاک ہے، پولیو سے متعلق ماحولیاتی معائنہ چلتا رہتا ہے، وائرس کراچی میں ملنے والے نمونے سے ملتا جلتا ہے۔

### بقیہ 21

ناطے اور تعلق بھی ٹوٹ گئے۔ خودکش بمبار کے والد اور بھائیوں کے ہوش ربا انکشافات منظر عام پر آ گئے۔ وزیرستان کا 17 سالہ نوجوان نظام الدین ٹی ٹی پی کے ہتھے چڑھ گیا تھا۔ اسے 17 اگست 2023 کو پاک فوج پر خودکش حملے کے لیے استعمال کیا گیا۔ شناخت ہونے کے بعد اس کے والد اور بھائیوں کو بیرون ملک سے ڈی پورٹ کردیا گیا۔ نظام الدین کے والد کا کہنا تھا کہ بیٹے کی اس غلطی کی وجہ سے آج خاندان کا روزگار چھن چکا، رشتے ناطے اور تعلق بھی ٹوٹ گئے، میرے بیٹے کو افغانستان لے جایا گیا جہاں اسے غلط تربیت دی گئی، نظام الدین کے اس عمل سے آج ہماری کو عزت نہیں رہی۔ بھائی نے کہا کہ ٹی ٹی پی نے بھائی کو نشے کے انجکشن لگائے، پیسے کا لالچ دے کر ورغلایا گیا اور اسے ایسا کرنے پر مجبور کیا گیا۔

### بقیہ 22

گئے۔ حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے تھا۔ دونوں کی شناخت نصیب اللہ اور احسان اللہ کے نام سے ہوئی ہے اور دونوں ملزمان چند روز قبل راولپنڈی میں ڈولفن اہلکار پر حملے میں ملوث تھے۔ سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے جبکہ ان کے ساتھیوں کی تلاش جاری ہے۔

### بقیہ 23

سیٹلائیٹ ٹاؤن سے چوری ہوئی تھی اس حوالے سے پولیس نے بتایا کہ دو کار لفٹر گرفتار کر کے چوری شدہ گاڑیاں برآمد کی گئیں۔ ملزم یاسر اور طارق سے لنڈی کوتل، چارسدہ اور پشاور سے گاڑیاں برآمد کی گئیں۔

### بقیہ 24

کردیے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم نے کابینہ کے حالیہ اجلاس میں وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی کو ہدایت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ مقامی ضروریات پوری ہونے کی شرط پر چینی ایکسپورٹ پر غور کیا جائے، برآمد پر غور کریں تو چینی کی قیمت میں اضافہ نہ ہونے کو یقینی بنانا ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ ماہ شوگر ایڈوائزری بورڈ کے 2 اجلاسوں میں چینی برآمد کا فیصلہ نہیں ہوسکا تھا، برآمد کو مقامی مارکیٹ میں چینی کی قیمتوں میں استحکام سے جوڑنے کی تجویز دی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ شوگر ملز مالکان نے 15 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی برآمد کا مطالبہ کر رکھا ہے، شوگر ملز مالکان نے پہلے مرحلے میں 5 لاکھ ٹن چینی کی برآمد کیلئے اجازت مانگی ہے۔

### بقیہ 25

درخواست گزار کے وکیل کو درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل دینے کی ہدایت کر رکھی ہے۔ درخواست گزار نے اپیل میں موقف اپنایا کہ الیکشن کمیشن اور اس کے ممبران کا سیاسی بنیادوں پر تقرر کیا جاتا ہے، سیاسی تقرریوں کی وجہ سے الیکشن کمیشن اور اس کے ممبران کی حیثیت متنازع ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان تقرریوں کی وجہ سے الیکشن کمیشن کے کرائے گئے الیکشن پر تنقید ہو رہی ہے۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ عدالت حاضر سروس ججوں کو چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن تقرر کرنے کا حکم دے۔

### بقیہ 26

بنچ میں شامل ہوں گے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل مقدمے کی سماعت 8 مئی کو مقرر کی گئی تھی۔ یاد رہے کہ 4 مارچ کو الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں الاٹ کرنے کی درخواستیں مسترد کردی تھیں۔

### بقیہ 27

کردہ مہنگائی کی کے بعد 17.3 فیصد پر آنے کے بعد صنعت وتجارت نے بلند شرح سود میں کمی کا مطالبہ کیا، زیادہ تر مالیاتی ماہرین کو امید تھی کہ رواں ہفتے شرح سود میں کمی کی جائے گی، لیکن انہیں مرکزی بینک کی حد سے زیادہ محتاط کو دیکھ کر حیرت ہوئی۔ صنعت وتجارت نے شرح سود میں کمی کی نہ کرنے پر مرکزی بینک پر شدید تنقید کی، کیونکہ اس سے لاگت پیداوار بڑھ گئی ہے اور ان کی مصنوعات کو غیر مسابقتی بنادیا ہے، تاہم مہنگائی کے حالیہ اعداد وشمار کے بعد ایک بار پھر اسٹیک ہولڈرز کو حوصلہ ملا ہے کہ وہ حکومت سے شرح سود میں کمی کا مطالبہ کریں۔ مالیاتی شعبے میں ذرائع نے بتایا کہ کاروباری برادری حکومت پر دباؤ ڈال رہی ہے کہ مرکزی بینک کو پالیسی ریٹ میں کمی لانے پر قائل کرے۔ ایک سینئر بینکار نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ غیر منطقی ہے کہ جب مہنگائی 29 فیصد ہو تو اسٹیٹ بینک شرح سود 22 فیصد کرے تاہم جب افراط زر تنزلی کے بعد 17.3 فیصد پر آجائے تو پالیسی ریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرے۔ بینکر کے مطابق شرح سود مہنگائی کے مقابلے میں 4.7 فیصد زیادہ ہے، لہٰذا واضح طور پر کمی کی گنجائش بنتی ہے۔ شرح سود میں کمی کی پیش گوئی کرنے والے تجزیہ کاروں نے کہا کہ مرکزی بینک کو ہنگامی اجلاس طلب کرنا چاہیے اور شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کے فیصلے پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔

### بقیہ 28

مذہبی امور ونے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا گیا کہ سعودی عرب جانے والے عازمین حج اپنی روانگی سے پانچ دن پہلے (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک) اپنے متعلقہ حاجی کیمپوں میں جاکر گردن توڑ بخار، موسمی انفلوئنزا اور پولیو سے بچاؤ کے قطرے پئیں تاکہ ان بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہوسکے۔

### بقیہ 29

ایک قصبے میں رات کو کارروائی کے دوران 5 فلسطینیوں کو شہید کردیا۔ وزارت صحت نے کہا کہ صہیونی فوج نے دیر الغصون میں چھاپے کے دوران ہلاک ہونے والوں میں سے چار کی شناخت کرلی ہے، اسرائیلی فورسز نے جاں بحق ہونے والوں میں سے کچھ کی لاشیں اپنے قبضے میں لے لیں۔ دوسری طرف اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس کارروائی میں پولیس کے خصوصی یونٹ کا ایک رکن زخمی ہوا اور اسے ہسپتال لے جایا گیا، طولکرم میں اسرائیلی فوج کی حالیہ کارروائی مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں اور اسرائیلی فوج کے درمیان ان جھڑپوں کے سلسلے کی ایک کڑی ہے جو دو سال سے جاری ہیں، ان جھڑپوں میں سات اکتوبر 2023 کے بعد مزید تیزی آ گئی ہے۔ فلسطینی وزارت صحت کے ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ 7 اکتوبر کے بعد سے مغربی کنارے اور مشرقی القدس میں اسرائیلی فوج اور آبادکاروں نے کم از کم 460 فلسطینیوں کو قتل کردیا ہے، سات اکتوبر سے اسرائیلی کی بربریت میں غزہ کی پٹی میں مجموعی طور پر 34654 فلسطینی شہید ہوچکے ہیں، غزہ کی پٹی میں مرنے والوں میں 10 ہزار سے زیادہ خواتین شامل ہیں۔

### بقیہ 30

، پولیس کی بروقت جوابی کارروائی کے دوران ایک حملہ آور موقع پر مارا گیا اور باقی تین فرار ہوکر قریبی آبادی میں روپوش ہوگئے۔ حکام نے بتایا کہ اطلاع پر سی ٹی ڈی اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور تلاش شروع کردی، اسی دوران فرار حملہ آوروں نے دوبارہ پولیس پر فائرنگ شروع کردی، پولیس کی جوابی کارروائی سے تین حملہ آور بھی مارے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس نے مارے گئے حملہ آوروں کے قبضے سے اسلحہ اور تین دستی بم برآمد کرلئے، مارے گئے چاروں دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے تھا، لاشوں کو ہسپتال منتقل کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی۔

### بقیہ 31

ہونے والی لڑائی کے بعد 45 سالہ رام راج میگھوال کو ڈنڈوں اور لوہے کی راڈ سے اس قدر بری طرح زدوکوب کیا گیا کہ وہ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے بتایا کہ مذکورہ شخص صبح 9 بجے کھیتوں سے اپنے گھر جا رہا تھا جب اس پر حملہ کیا گیا، اسے فوری طور پر ہسپتال لے جایا گیا مگر وہاں اسے ڈاکٹرز نے مردہ قرار دیدیا۔ پولیس نے ملزم بھگوان مالی اور اس کے بھائی راکیش مالی کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ رام راج کی لاش کو اس کے لواحقین کے حوالے کردیا گیا ہے۔ علاقے کے ڈی ایس پی بنی پرشاد نے بتایا کہ رام راج اور بھگوان دونوں پڑوسی تھے اور دونوں کے پاس پالتو کتے موجود تھے۔ پالتو کتوں کی وجہ سے دونوں میں کافی عرصے سے چپقلش تھی۔ مقتول کے گھر والوں نے بتایا کہ جب ہمارے بچے صبح اسکول جاتے تھے تو بھگوان مالی اپنے کتوں کو چھوڑ دیتا تھا۔ پولیس نے بھگوان مالی اس کے بھائی راکیش مالی اور گھر کے کچھ افراد کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔

### بقیہ 32

کو موبائل فون کے استعمال سے روکا گیا تھا۔ اس پر بہن نے سوتے ہوئے بھائی کے گلے پر کلہاڑی مار کر اسے موقع پر ہی قتل کردیا ہے۔ پولیس کی جانب سے بہن کو حراست میں لے کر تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب بہن بھائی گھر میں اکیلے تھے اور گھر والے کام کے سلسلے میں گھر سے باہر چلے گئے تھے۔ پولیس کی جانب سے مزید انکشاف میں کہنا تھا کہ 14 سالہ بہن کی جانب سے بھائی کو قتل کرنے کے بعد اپنے اوپر لگے خون کے دھبے صاف کیے گئے اور کپڑے تبدیل کر کے اپنے پڑوسیوں کو اطلاع دی کہ اس کے بھائی کو کسی نے قتل کردیا ہے۔ تاہم پولیس کی تحقیقات میں 14 سالہ بہن نے بھائی کو قتل کرنے کا اعتراف کرلیا ہے۔ دوسری جانب پولیس کی جانب سے کیس رجسٹرڈ کردیا گیا ہے اور تحقیقات کا بھی آغاز کردیا گیا ہے۔

### بقیہ 33

ہوتا ہے تاجر تنظیم کی آئینی مدت ختم ہونے کے بعد اسکے ڈی نمائندگان جنکی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے تجاوزات مافیا کے ان با اثر سہولت کاروں نے انتظامیہ اور دیگر سرکاری اداروں میں اپنا ہولڈ قائم کیا ہے یہ لوگ تجاوزات بھی کرواتے ہیں اور پھر دورہ کرنے والے افسران کے ساتھ فرنٹ لائن پر ہوکر فوٹو سیشن کرواتے ہیں ان ہی جتھوں کی وجہ سے آج تک وزیر اعلی مریم نواز کے تحت احکامات ہونے کے باوجود گرینڈ آپریشن نہ کیا گیا اور نہ ہی شہر کو تجاوزات مافیا سے واگزار کروایا گیا یہ مافیا کے لوگ بازاروں کے راستوں کے درمیان اپنے منظور نظر لوگوں کے ٹھیے لگواتے ہیں اور جو لوگ انکے منظور نظر نہیں ہوتے یہ انکے خلاف سرکاری کالی بھیڑوں سے ٹارگٹڈ آپریشن کرواتے ہیں اور انکے خلاف انتظامیہ کی سرپرستی میں مقدمات کا اندراج کروانے کیساتھ ساتھ بھاری بھرکم جرمانے عائد کرواتے ہیں جبکہ سرکاری سرپرستی میں قائم بن بازار میں لگی ریڑھیوں اور کھوکھا بازار میں راستوں کے درمیان لگے ٹھیوں سٹالز سے گوجرخان انتظامیہ وبلدیہ مکمل چشم پوشی اختیار کیے ہوئے ہیں اور ان ہی مافیا کے سہولت کاروں کیساتھ آکر فوٹو سیشن کرواتے ہیں اور سب اچھا کی رپورٹس حکام بالا کو بھیج دیتے ہیں مزید برآں شہریوں نے کہا کہ گوجرخان میں تو گنگا ہی الٹی بہہ رہی ہے جو مافیا ہے وہ سفید پوش بنا ہوا ہے اور اداروں میں بیٹھے افسران انکو فل پروٹوکول دیتے ہیں جو اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ان کے گٹھ جوڑ کی وجہ سے شہر سے مسائل ختم نہیں ہو رہے مافیا کو سرکاری سرپرستی حاصل ہونے کی وجہ سے ان کے پالے کردہ غنڈہ عناصر شریف شہریوں کیساتھ لڑائی جھگڑے کرنے کے علاوہ ہراساں کرتے ہیں اس کے علاوہ جلوس راستوں کو چھوڑ کر جہاں آمد ورفت اور راستے بند نہ ہوں اگر وہاں سٹال لگایا تو ان کے خلاف فوری ایکشن ہو جاتا ہے عوامی سماجی حلقوں نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بااثر مافیا کے سہولت کار افسران کے فی الفور تبادلے کیے جائیں اور گوجرخان میں فرض شناس انتظامی افسران کو تعینات کر کے ایک گرینڈ آپریشن کروا کر تاجروں کو دکانوں اور کھوکھوں کے اندر کاروبار کرنے کے واضح احکامات دیئے جائیں کسی کو بھی سرکاری املاک پر ایک انچ بھی ڈیسلے کی غرض سے تجاوز نہ ہونے دیا جائے۔

### بقیہ 34

راولپنڈی پولیس کے 432 افسران نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے عبادت کیلئے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران نے الرٹ ڈیوٹی سرانجام دیے اور اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی۔

### بقیہ 35

معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم مزمل سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

### بقیہ 36

سے 1 کلو 560 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم عمر جہانگیر سے 1 کلو 350 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم رمضان سے 550 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم یاسر سے 540 گرام چرس، مندرہ پولیس نے ملزم ذیشان سے 20 لیٹر شراب، صادق آباد پولیس نے ملزم ساحل سے 10 لیٹر شراب، ملزم وقاص سے 8 لیٹر شراب، ملزم شرجیل سے 6 لیٹر شراب، ملزم رضوان سے 5 لیٹر شراب، ملزم اسامہ سے 5 لیٹر شراب، ملزم احتشام سے 5 لیٹر شراب، پیرودھائی پولیس نے ملزم محمد علی سے 7 لیٹر شراب، ملزم عنصر سے 5 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم ساجد سے 5 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

### بقیہ 37

سے پیٹرن انچیف مس نیلم خالد چوہدری، سارک کی چیئر پرسن حنا مصب خان، صدر راولپنڈی وومن چیمبر صبوحی حسین، سیکرٹری جنرل، راولپنڈی وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایچ آر مس نورین طارق، ایچ آرز بیدہ اصغر، جنرل ممبر ارم وسیم، جنرل ممبر روبینہ ظفر، جنرل ممبر ڈاکٹر اسمارہ، اسسٹنٹ سیکرٹری ماہ نور اور دیگر نے شرکت کی۔ یونیورسٹی کی جانب سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید حبیب بخاری، کیمپس انچارج مس رملا اور مختلف امور کے پروفیسر صاحبان نے شرکت کی۔ اس موقع پر مستقبل کی پیش رفت اور یونیورسٹی اور راولپنڈی وومن چیمبر کے مابین باہمی اشتراک سے شروع ہونیوالے منصوبوں کی گفت وشنید ہوئی۔ مستقبل میں طالبات اور خواتین کیلئے بزنس کے مواقع پیدا کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال، کاروباری خواتین اور طالبعلموں کیلئے ہر طرح کا تعاون جاری رکھیں۔

### بقیہ 38

اور دوسرا سیاسی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پی ٹی آئی کے وفود کے ساتھ ملاقاتیں ہوئی ہیں، بامقصد مذاکرات کا ماحول بنتا ہے تو ہم خوش آمدید کہیں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے مزید کہا کہ حکومت کیخلاف گرینڈ الائنس کی تجویز ابھی سامنے نہیں آئی ہے لیکن اس کی امید کی جا سکتی ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے یہ بھی بتایا کہ 9 مئی کو پشاور میں جے یو آئی کا ملین مارچ ہوگا۔

### بقیہ 39

پاک انٹرٹینمنٹ امورمنٹ نے بتایا کہ یہاں پر روشنیوں سے تمام پارک کو جگمگا دیا جائیگا اس کے علاوہ فلورز شو بھی ہونگے۔ انہوں نے بتایا کہ بچوں اور نوجوانوں کے لئے مختلف قسم کے جھولے لگائے جائینگے اس کے علاوہ مختلف قسم کے سٹالز بھی لگائے جائینگے۔ حکام کے مطابق مہنگائی کے اس دور میں راولپنڈی کے عوام کو اچھی اور معیاری تفریح پہنچانا ہمارا بنیادی مقصد ہے۔

### بقیہ 40

عالمگیر اور رحیم اللہ شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 4 لاکھ 15 ہزار روپے اور طلائی زیورات برآمد ہوئے، ملزمان نے گھر کے تالے توڑ کر طلائی زیورات اور نقدی چوری کی تھی، ملزم عالمگیر نقب زنی کی وارادت میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

### بقیہ 41

حکومت کرتے تو بھی کام آپ کی نگرانی میں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری طرف سے یہی پیغام ہے کہ ہم مفاہمت کیلئے قدم نہیں ہاتھ بھی بڑھا رہے ہیں لیکن مفاہمت کرنی ہے یا نہیں یہ صرف ہمارا فیصلہ نہیں ہے، پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کی بات چیت کا آنا مثبت بات ہے، جسے ووٹ ملا وہ آئے اور عوام کے دکھ درد کا مداوا کرے، حکومت مفاہمت کیلئے ہاتھ بڑھا رہی ہے لیکن مفاہمت کرنا یا نہ کرنا ہمارے اختیار میں نہیں ہے۔

### بقیہ 42

لیڈیز پولیس، ایلیٹ فورس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشنز میں مجموعی طور پر 118 گھروں، 42 دوکانوں اور 220 افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

### بقیہ 43

بخاری عرف بابا ٹاہلی والی سرکار کے عرس و میلہ کی تین روزہ تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں۔ معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کی دعوت پر سابق اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد عارف قریشی کی ڈنڈوت میں آمد۔ حاضرین و دربار منتظمین کیطرف سے زبردست ڈھول کی تھاپ پر شاندار استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر سابق اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ نے عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت کے ساتھ علاقہ بھر کی عوام کو زبردست عرس و میلہ کی تقریبات کروانے پر مبارکباد پیش کی صوفیاء وبزرگان دین کی تعلیمات ہی ہمارے لیے دنیا و آخرت میں کامیابی کا راز ہے۔ حضرت بابا احمد شاہ بخاری کے مزار پر چادر پوشی کے لئے آنے والے معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت اور ان کے ہمراہ سابق اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد عارف قریشی تھے دربار کے احاطے میں آنے والے مہمانان گرامی کا استقبال بینڈ باجے اور ڈھول کی تھاپ پر کیا گیا۔ لوگ اسسٹنٹ کمشنر محمد عارف قریشی کا پرجوش استقبال کیا اور ان مالا بھی ڈالی گئیں۔ دربار، قصبہ ڈنڈوت سمیت ملک وقوم کی حفاظت وترقی کے لیے دعا کی گ۔ حضرت بابا معروف بابا ٹاہلی والی سرکار کے عرس مبارک کے موقع پر والی بال پیچ اور شاندار کبڈی کا انعقاد کیا گیا جس کے کنوینئر راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت تھے شاندار کبڈی کے اختتام پر فرسٹ اور سیکنڈ پوزیشن حاصل کرنے کے کھلاڑیوں میں ٹرافی اور کیش بطور انعام دی گ۔ اہل علاقہ سمیت دور دراز سے آنے والے مہمانان گرامی کیطرف سے حضرت احمد شاہ بخاری کے عرس و میلہ کی شاندار کامیاب تقریبات کروانے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا

### بقیہ 44

چیف جسٹس آف پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ صاف شفاف انکوائری کر کے ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے اور پولیس کے جانب سے جو لوگ ہمارے اٹھائے گئے ہیں انحسن فل فور رہا کیا جائے۔

### بقیہ 45

خانہ کی شہداء پیکج کی مد میں بھرپور فلاح و بہبود کی جارہی ہے جبکہ پولیس فورس کے غازیوں کی نامزدگی اور ویلفیئر کے لئے کوئی باقاعدہ ترغیبی نظام موجود نہ تھا، اس سلسلہ میں آئی جی اسلام آباد نے پولیس فورس کے غازیوں کی نامزدگی اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے ایک اسٹینڈنگ آرڈر جاری کر دیا، اسٹینڈنگ آرڈر کی رو سے ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کی سربراہی میں سینئر پولیس افسران کی ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے جو غازیان پولیس فورس کی نامزدگی اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لے گی، اسٹینڈنگ آرڈر میں پولیس فورس کے غازیوں کی نامزدگی کیلئے ایک معیار جاری کر دیا گیا ہے، جس کی رو سے دوران ڈیوٹی بم دھماکے اور فائرنگ سے زخمی ہونے والے، امن و امان کے قیام کے دوران شدید جسمانی چوٹوں اور ٹریفک ڈیوٹی کے دوران حادثات کا شکار ہونے والے پولیس افسران کو غازی نامزد کیا جائے گا، اس سلسلہ میں غازیوں کے لئے "اسلام آباد پولیس غازی میڈل" اور "اسلام آباد پولیس شجاعت میڈل" بھی جاری کر دیا گیا ہے، اسٹینڈنگ آرڈر کے مطابق غازیان فورس کو ذیل مراعات حاصل ہوں گی، زخمی پولیس آفیسر کو فل فورس ہسپتال منتقل کیا جائے گا اور متعلقہ ڈویژن کے سینئر پولیس افسران بہترین علاج و معالجہ اور ٹرانسپورٹ کے انتظام کریں گے، فوری ابتدائی معاوضہ زخمی پولیس افسر کو جاری کیا جائے گا، نامزد غازی کو کلاس ون پولیس سرٹیفکیٹ، ایک لاکھ روپے انعام اور اعزازی سند سے نوازا جائے گا، غازی پولیس افسران اپنی یونیفارم پر خصوصی غازی میڈل لگائیں گے، غازیان فورس کو تبادلوں میں خصوصی رعایت دی جائے گی اور ان کی مرضی و سہولت کے مطابق تبادلہ کیا جائے گا، غازیان پولیس فورس کے تمام دفتری ریکارڈ میں لفظ غازی کا اضافہ کیا جائے گا، فورس کے سینئر پولیس افسران عیدوں کے موقع پر غازیان پولیس کے گھروں میں جائیں گے اور انہیں تحفے پیش کریں گے، پولیس فورس میں "غازی ہفتہ" منایا جائے گا، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں یادگار غازی بنائی جائے گی اور پولیس فورس کے غازیوں کے نام وہاں نمایاں کیے جائیں گے، غازیوں کے نام تمام تھانہ جات میں نمایاں کیے جائیں گے، اسٹینڈنگ آرڈر کے مطابق پولیس فورس کے افسران کی فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، ان کی پولیس فورس اور معاشرے میں عزت اور رتبے کا خیال رکھا جائے گا، غازیان فورس کو ایک نئی پہچان دی جائے گی، غازیان پولیس فورس کی گراں قدر کارناموں سے پولیس فورس کے دیگر افسران کو مورال بلند کیا جائے گا، غازیان فورس کا علاج و معالجہ، جسمانی معذوری، شدید جسمانی چوٹوں، جسمانی اعضاء کی بحالی اور مصنوعی جسمانی اعضاء سمیت دیگر تمام علاج و معالجہ سرکاری اور دیگر بہترین ہسپتالوں سے کروایا جائے گا۔

### بقیہ 46

ایس پی آپریشنز نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی اور ایس ایچ او مندرہ کو فوری ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا، مندرہ پولیس نے واقعہ کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کرنے والے ملزمان شعیب، غضنفر، اویس اور دو لہے عزیر سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا، ابتدائی اطلاعات کے مطابق متوفی رضوان شادی کی تقریب میں فائرنگ کے دوران گولی لگنے سے جاں بحق ہوا، نعش پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، فائرنگ سے شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

### بقیہ 47

گئے، نعش کو ہسپتال منتقل کیا گیا، ہلاک ملزم کی شناخت تاج عرف شینا کے نام سے ہوئی، ہلاک ملزم ڈکیتی و دیگر جرائم کی درجنوں وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم کے دیگر فرار ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے سرچنگ کی گئی۔ ملزمان کی فائرنگ کے باوجود بہادری سے مقابلہ کرنے پر ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے ٹیکسلا پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

### بقیہ 48

کار سوار ملزمان کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کانسٹیبل عاصم کی عیادت کی اور جلد صحت یابی کی دعا کے ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا، ایس پی راول نے کانسٹیبل عاصم کے علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے متعلقہ افسران کو ہدایات دیں۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ شہریوں اور پولیس پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، شہریوں کی حفاظت اور جرائم پیشہ عناصر کا مقابلہ کرنے والے شہداء اور غازی ہمارا فخر ہیں، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔

### بقیہ 49

کی پکڑ ہو سکے گی۔ سردار اویس لغاری نے مزید کہا کہ آئندہ ایف آئی اے نہیں نیپرا اوور بلنگ پر کارروائی کرے گا۔ اس حوالے سے نیپرا کے ذرائع نے بتایا کہ ایف آئی اے کی بلاوجہ ہراسمنٹ سے بچنے کے لیے رولز تبدیل کیے گئے، ایف آئی اے صرف نشاندہی کرے گا اور افسران کی گرفتاری کا مجاز نہیں ہوگا۔

### بقیہ 50

لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی راول نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

### بقیہ 51

کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کی جانب سے ریٹائرڈ ہونے والے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ریاض احمد بوسال کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سیکورٹی ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ ذیشان حیدر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر تمام سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، ایس ایس پی سیکورٹی ڈویژن نے ایس پی ریاض احمد بوسال کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اسلام آباد پولیس میں لگن اور ایمانداری کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دیں اور اسلام آباد پولیس کو ایک مثالی فورس بنانے کے لئے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ریٹائرمنٹ سے قبل وہ بطور ایس پی پرائم منسٹر ہاؤس اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے، ایس ایس پی سیکورٹی ڈویژن نے ریٹائرڈ ہونے والے افسر کو اعزازی پولیس پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کے مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، انہوں نے مزید کہا کہ ریاض احمد بوسال کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ انہوں نے فورس کی ساکھ کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

### بقیہ 52

جانوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان نے خط میں مزید لکھا کہ گلگت بلتستان میں سیاحت پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، قراقرم ہائی وے پر محفوظ سفر کو یقینی بنانے کیلئے موٹر وے پولیس کی تعیناتی ضروری ہے۔

### بقیہ 53

نے ملزم عامر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

### بقیہ 54

لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں انسداد رابری ڈکیتی یونٹ پولیس ٹیم نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے موبائل فون، نقدی، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت رحمان، عمران، عبدالرحمان، ارباز اور اسماعیل کے ناموں سے ہوئی ہے

### بقیہ 55

یاسر، طاہر اور اعجاز شامل ہیں، چوری شدہ ٹیوٹا کرولا اور 5 مہران کاریں برآمد ہوئی، ملزمان سے چند روز پہلے سرکاری ادارے کے آفیسر کی چوری شدہ گاڑی بھی برآمد ہوئی، ملزمان نے دوران تفتیش راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا، ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائیگا۔ ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی راول فیصل سلیم نے نیوٹاؤن پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائیگا، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

### بقیہ 56

پولیس نے ملزم مطلوب سے 160 گرام ہیروئن، وارث خان پولیس نے ملزم بلال سے 15 لیٹر شراب، ملزم آصف سے 10 لیٹر شراب، ملزم عقیل سے 10 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم راشد سے 20 لیٹر شراب، صدروہ پولیس نے ملزم شہزاد سے 4 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے

### بقیہ 57

تارکین وطن جو مقدس دارالحکومت میں کام کرتے ہیں، وہ ابشر پلیٹ فارم سے کوائف کے اندراج کے بعد اجازت نامہ حاصل کرسکتے ہیں۔ ایسے افراد جو حج کے اجازت نامے نہیں رکھتے انہیں پہلے حج کے لیے تمام ضروری لوازمات مکمل کرنا ہوں گے، اس سلسلے میں اگر کسی کو حرم مکی میں آنا ہوا تو اسے پہلے مجاز حکام سے اس کی اجازت لینا ہوگی۔ اس کے علاوہ سعودی عرب میں وزارت حج اور عمرہ نے اعلان کیا کہ عمرہ ویزا کی مدت اجرا کی تاریخ سے 3 ماہ تک ہے، عمرہ سیزن پندرہ ذی الحج کو ختم ہوجاتا ہے۔ دوسری جانب حج کے قریب آنے والے سیزن کے ساتھ ہی وزارت نے عازمین کو متنبہ کیا کہ وہ جعلی حج کمپنیوں سے ہوشیار رہیں اور صرف مجاز حج ٹور آپریٹرز کے ذریعے حج کے لیے رجسٹریشن کرائیں۔

## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس

## 06 مئی 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 06 مئی 2024 صبح 08:00 بجے تا دن 13:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، لوہی بھیر فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، کھنہ۔ II، کے آر ایل، صادق آباد فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مورگاہ، فوجی فونڈیشن، موہرہ نگیال، محبوب شہید، AOWHS، ولایت کمپلیکس، ایکس لائز کالونی، پنڈی بورڈ، پارک ویو، میجر ریاض، لالہ زار، جھاورہ، دھمیال۔ I، گلشن سعید، لالکرتی، کینٹ، یو سی لکھن، شاہ جیون، قائد اعظم کالونی، قاسم بیں، جاپان روڈ، فیڈرز، اٹک سرکل، پنڈ پڑیاں، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، سرائے خربوزہ فیڈرز، جہلم سرکل، محلہ شہیداں، کوہار، پران، شمس آباد، عباس پورہ، F-7 کچہری، F-2 چپ بورڈ، انڈسٹریل، بورین، کھٹیاں، نیو سنگھوئی، چوٹالہ، کنٹریلہ، سوہاوہ کچہری، مین بازار سوہاوہ فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، بلال آباد فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

## ڈینگی کے تدارک کیلئے مانیٹرنگ کو مزید بہتر بنانے کے احکامات

### حالیہ موسم کی بدولت مچھروں کی افزائش میں اضافہ ممکن ہے، ڈپٹی کمشنر لودھراں

لودھراں (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر لودھراں عبدالرؤف مہر کے ڈینگی کے تدارک کیلئے تھرڈ پارٹی مانیٹرنگ کو مزید بہتر بنانے کے احکامات۔ انہوں نے کہا ہے کہ حالیہ موسم کی بدولت مچھروں کی افزائش میں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی ایک سنجیدہ نوعیت کا مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے لودھراں کے باشعور شہری احتیاطی تدابیر اپنا کر حکومتی اقدامات کو کامیاب بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں مجموعی طور پر 2156 ہاٹ سپاٹس کی ویکٹر سرویلنس کامیابی سے کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں 279 ان ڈور اور 73 آؤٹ ڈور ٹیمیں انسداد ڈینگی اقدامات اور ویکٹر سرویلنس کیلئے تعینات کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈینگی مانیٹرنگ کیلئے تحصیل لودھراں میں 93 ان ڈور، 28 آؤٹ ڈور، تحصیل کہروڑپکا میں 85 ان ڈور، 23 آؤٹ ڈور جبکہ تحصیل دنیاپور میں 101 ان ڈور اور 22 آؤٹ ڈور ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔

## قوم مظلوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے

### مسئلہ فلسطین سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، مولانا محمد سبطین شاہ نقوی

سرگودھا (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے سرپرست وچیئرمین سیاسی امور مولانا محمد سبطین شاہ نقوی نے کہا کہ مسئلہ فلسطین سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے جہاں اب تک 35 ہزار شہداء کو دفن کیا جا چکا ہے اور حقوق انسانی کے علمبردار کا کردار کھل کر سامنے آرہا ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے سرپرست وچیئرمین سیاسی امور مولانا محمد سبطین شاہ نقوی نے فلسطین میں اسرائیلی جارحیت اور حقوق انسانی کے علمبردار کے کردار کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی بربریت کے شکار مظلوم فلسطینی اب تک 35 ہزار شہداء کو دفن کر چکے ہیں اور وہ عالم اسلام کی طرف مسئلہ پر آواز اٹھانے کے لئے نظریں جمع بیٹھے ہیں اور دنیا میں حقوق انسانی کے دعویدار امریکہ کا کردار مشکوک ہو چکا ہے جس نے دنیا میں پہلا ایٹم بم استعمال کیا اور افغانستان سے شکست کھا کر بھاگنے پر مجبور ہو گیا۔ اس لئے امریکہ کو سپر پاور تسلیم کرنے کی بجائے مسلم ممالک کو متحد ہو کر مسئلہ فلسطین اور مسئلہ کشمیر پر اپنا دوٹوک موقف اختیار کر کے اعلان جہاد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے کی بات کرنے والوں کے خلاف امت مسلمہ سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ مولانا محمد سبطین شاہ نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث برائے راست فلسطینی عوام کے لئے امدادی کاموں میں سرگرم عمل ہے۔

## ملک انتہائی خطرناک حالات سے دوچار ہے

### قرآن وسنت کا نظام نافذ کئے بغیر معاشی استحکام نہیں آسکتا، مولانا لدھیانوی

سرگودھا (این این آئی) سنی علماء کونسل کے سربراہ سابق رکن قومی اسمبلی مولانا محمد احمد لدھیانوی نے کہا کہ ملک انتہائی خطرناک حالات سے دوچار ہے۔ حالیہ الیکشن ملکی تاریخ کے ایسے انتخابات ہیں کہ پارلیمنٹ میں بیٹھا کوئی بھی شخص سر اٹھا کر چلنے کے قابل نہیں۔ حکمران قوتوں کو چاہیے کہ وہ جنرل ضیاء الحق مرحوم کی طرز پر مجلس شوریٰ بنالیں تاکہ قوم کا وقت اور پیسہ برباد نہ ہو۔ سنی علماء کونسل کے سربراہ سابق رکن قومی اسمبلی مولانا محمد احمد لدھیانوی نے سرگودھا آمد پر ویلفیئر کونسل تحصیل بھیرہ کے صدر چوہدری خالد ارائیں اور سنی علما کونسل کے قاری محمد حنیف کے بھائیوں کی دعوت ولیمہ میں شرکت اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 76 سال سے ملک میں جاری سودی نظام کو خاتمہ ممکن نہیں ہوسکا اور معاشی طور پر ملک انتہائی کمزور ہو چکا ہے جب تک ملک میں قرآن و سنت کے نظام کا نفاذ نہیں ہوگا ملک معاشی طور پر مستحکم نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ فروعی اختلافات کی وجہ سے عالم کفر غالب ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ متحد ہو کر فلسطینیوں کو یہودیوں کے مظالم سے بچائے جس کی وحشیانہ بمباری سے 35 ہزار سے زائد فلسطینی جام شہادت نوش کر چکے ہیں ان کا کہنا تھا کہ ملک میں گندم کی کم قیمت کسانوں پر ظلم ہے جس میں سستی گندم خرید کر سرمایہ دار انتہائی مہنگے داموں فروخت کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ علماء کا فرض ہے کہ وہ ملی یکجہتی کونسل کو فعال کر کے ملک کی ڈوبتی کشتی کو کنارے پر لگائیں۔

## زہر بیچنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی لودھراں ان ایکشن

### معیار بہتر نہ ہونے پر بھاری جرمانے عائد، 106 لٹر غیر معیاری مشروبات تلف

لودھراں (سی ایم لنکس) خوراک کے نام پر زہر بیچنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی لودھراں ان ایکشن، فوڈ سیفٹی ٹیموں کے بیوریجز یونٹس، ریسٹورنٹس، میٹ شاپ کی چیکنگ، معیار بہتر نہ ہونے پر بھاری جرمانے عائد، 106 لٹر غیر معیاری مشروبات تلف۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خصوصی ہدایت پر عوام تک معیاری خوراک کی پہنچانے کا مشن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈبل پھاٹک، بستی غریب آباد، پیر والا پھاٹک لودھراں میں 4 بیوریجز یونٹس کو مشروبات کی تیاری میں مصنوعی مٹھاس کا استعمال کرنے، معروف برانڈز کی بوتلیں استعمال کرنے اور پانی کی تجزیہ رپورٹ نہ ہونے پر 49 ہزار روپے کے جرمانے عائد کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ ملتان روڈ لودھراں میں ریسٹورنٹ کو کھانوں کی تیاری میں ناقابل سراغ اجزاء کی ملاوٹ کرنے جبکہ دنیاپور روڈ لودھراں میں ٹی سٹال کو صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات پائے جانے اور روڈ بنگلہ لودھراں میں دہی بھلے شاپ کو کھانے پینے کی اشیاء ڈھانپ کر نہ رکھنے پر 12 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ مزید دنیاپور لودھراں میں پولٹری شاپ کو سلاٹر کونز کا استعمال نہ کرنے، ورکرز کے میڈیکل سرٹیفکیٹس نہ ہونے پر بھاری جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

## "پنجاب دے سوہنے رنگ" کے موضوع پر کلچرل فیسٹول کا انعقاد

### سکول کی بچیوں نے مہمانان خصوصی کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے

خوشاب (سی ایم لنکس) گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی سکول جوہرآباد میں "پنجاب دے سوہنے رنگ" کے موضوع پر کلچرل فیسٹول کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ذیشان شبیر رانا نے فیتہ کاٹ کر فیسٹول کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) احمد صہیب، اسسٹنٹ کمشنر محمد اعجاز ملک، سی ای او ایجوکیشن محمد اشفاق احمد کے علاوہ سکول کی پرنسپل، اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی۔ سکول کی بچیوں نے مہمانان خصوصی کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ سکول کی پرنسپل نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ آج کے اس کلچرل شو کا مقصد پنجاب کی ثقافت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس موقع پر طالبات نے پنجاب کی ثقافت کو مختلف انداز میں اجاگر کرنے کیلئے پنجابی گانوں پر ثقافتی رقص پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر ذیشان شبیر رانا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کی ثقافت کو اپنی نئی نسل میں منتقل کرنا بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے طالبات سے کہا کہ اپنے گھروں میں اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں، خود بھی ثقافتی زبان بولیں اور بچوں کو بھی ثقافتی زبان سکھائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول کی انتظامیہ کی اس کاوش کو سراہاتے ہوئے کہا کہ دوسرے سکولز اور کالجز میں بھی اس طرح کی تقریبات کا اہتمام کیا جانا چاہیے۔ اس موقع پر سکول میں پنجاب کی ثقافت کو اجاگر کرنے کیلئے مختلف سٹالز بھی لگائے گئے جن میں پنجاب کے ثقافتی کھانوں، برتن اور مختلف اشیاء کی نمائش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ذیشان شبیر رانا نے جماعت نہم اور دہم کی طالبات کی جانب سے لگائے گئے سائنسی ماڈلز کو بھی بے حد پسند کیا اور بچیوں کی محنت کو سراہا۔

## پنجاب فوڈ اتھارٹی لودھراں، ماہ اپریل کی کارکردگی رپورٹ جاری

### 106 فوڈ یونٹس کو 8 لاکھ 46 ہزار روپے کے جرمانے عائد کردیے گئے

لودھراں (سی ایم لنکس) پنجاب فوڈ اتھارٹی لودھراں نے ماہ اپریل کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی، فوڈ سیفٹی ٹیموں نے اپریل میں 1 ہزار 89 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی، 447 فوڈ بزنس مالکان کو وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں پر 106 فوڈ یونٹس کو 8 لاکھ 46 ہزار روپے کے جرمانے عائد کردیے گئے، قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر 1 فوڈ پوائنٹ کی بہتری تک پروڈکشن بند کی گئی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے لودھراں کی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ اتھارٹی لودھراں نے گزشتہ ماہ 1 ہزار 89 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی۔ خوراک کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے 447 فوڈ یونٹس مالکان کو وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے۔ قوانین کی پاسداری نہ کرنے پر 106 فوڈ بزنس مالکان کو 8 لاکھ 46 ہزار روپے کے جرمانے عائد کردیے گئے۔ کئی بار ہدایات کے باوجود کام میں بہتری نہ لانے پر 1 فوڈ پوائنٹ کو بہتری تک کام سے روک دیا گیا۔ گزشتہ ماہ لودھراں میں ریسورس اینڈ لائسنس ونگ کی جانب سے 2 لائسنس اپلائی کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ خوراک کی تیاری سے ترسیل تک تمام مراحل کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جارہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ملاوٹ اور جعل سازی کے خاتمے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔

## میانوالی ڈی سی آفس کے لان میں عوامی ریونیو خدمت کچہری کا انعقاد

### ریونیو خدمت کچہری میں لوگوں کے مسائل سنے اور موقع پر حل کیلئے احکامات جاری کئے

میانوالی (سی ایم لنکس) میانوالی ڈی سی آفس کے لان میں عوامی ریونیو خدمت کچہری کا انعقاد۔ اسسٹنٹ کمشنر میانوالی نعمان محمود رانا نے خدمت کچہری میں لوگوں کے ریونیو سے متعلق مسائل سنے۔ اس موقع پر تحصیلدار میانوالی عارف انجم، نائب تحصیلدار کریم نواز کے علاوہ اراضی ریکارڈ سنٹر کے افسران اور ریونیو عملہ نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ریونیو خدمت کچہری میں لوگوں کے مسائل سنے اور موقع پر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ ریونیو خدمت کچہری میں لوگوں نے فرد جائیداد کے حصول، انتقالات، حد براری، رجسٹری اور دیگر ریونیو معاملات سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے خدمت کچہری میں پیش کی جانیوالی درخواستوں پر موقع پر احکامات جاری کیے اور متعدد درخواستوں پر متعلقہ عملہ کو جلد رپورٹس پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انہوں نے ریونیو افسران اور عملہ کو ہدایت کی کہ ریونیو ریکوری میں تیزی لائی جائے اور سرکاری واجبات کی وصولیوں کو بروقت یقینی بنایا جائے۔

# سرکاری سرپرستی میں تجاوزات مافیا بے خوف

### وزیراعلیٰ کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

### سی ایم کے میڈیا ایڈوائزر کی آمد سے پہلے راستے کلیئر کروا کر سب اچھا کی رپورٹس پیش انکے جانے کے بعد مافیا راستوں کے درمیان تجاوز

### افسران کے دوروں میں تجاوزات مافیا کے کارندے فرنٹ لائن پر انتظامیہ اور مافیا کے ایک پیج پر ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے عوامی حلقے

### وزیراعلیٰ پنجاب سے عوامی سماجی حلقوں کا سختی سے نوٹس لینے اور پشت پناہی کرنے والے افسران کے فی الفور تبادلے کا

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان کے بازار تجاوزستان بن گئے سپریم کورٹ آف پاکستان اور وزیراعلیٰ پنجاب کے واضح احکامات ہونے کے باوجود شہر سے سرکاری سرپرستی میں قائم تجاوزات ختم نہ ہوسکیں گزشتہ روز سی ایم پنجاب کے میڈیا ایڈوائزر عبداللہ تبسم کے افشیلی دورے کے موقع پر انکی آمد سے قبل بازاروں کے راستے کلیئر کروا کر انتظامیہ و تجاوزات مافیا کے سہولت کاروں نے انکو ماموں بنا دیا مزید برآں عوامی سماجی حلقوں نے تجاوزات کے حوالے سے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی کسی بھی افسر کا سرکاری دورہ ( بقیہ نمبر 33 )

## راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

### سیکورٹی کیلئے پولیس کے 432 افسران نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے ( بقیہ نمبر 34 )

کسان بورڈ پاکستان کے کارکنان مطالبات کے حق میں پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں

## راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس اور کوہسار یونیورسٹی کے مابین معاہدہ

### کاروباری خواتین اور طالبعلموں کیلئے ہر طرح کا تعاون جاری رکھیں گے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور کوہسار یونیورسٹی مری کے مابین معاہدہ طے پا گیا جس کی باضابطہ تقریب کوہسار یونیورسٹی مری کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی۔ راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کی جانب ( بقیہ نمبر 37 )

## گرینڈ الائنس کی تجویز ابھی سامنے نہیں آئی، فضل الرحمان

### 9 مئی کو پشاور میں ملین مارچ ہوگا، پی ٹی آئی کے وفود کے ساتھ ملاقاتیں ہوئی ہیں

ٹھٹھ (آئی آئی پی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ حکومت کے خلاف گرینڈ الائنس کی تجویز ابھی سامنے نہیں آئی لیکن اس کی امید کی جاسکتی ہے۔ ٹھٹھ میں گفتگو کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری کے 2 پہلو ہیں، ایک قانونی ( بقیہ نمبر 38 )

## راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 5 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے ملزم خرم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ندیم سے 1 رائفل کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم افضل سے 1 چھری، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم منصور سے پستول 9 ایم ایم ( بقیہ نمبر 35 )

## 14 ملزمان سے 4 کلوگرام چرس اور 76 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 4 کلو گرام چرس اور 76 لیٹر شراب برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم اسرار ( بقیہ نمبر 36 )

## روات پولیس نے اندھے قتل کا معمہ حل کر دیا، ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے اندھے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے چھریوں کے وار سے شہری رحمان کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے اندھے قتل کے معمہ کو حل کرتے ہوئے ملزم افضل کو گرفتار کرلیا۔

لاہور: اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی آئی ڈی طلعت تسیم بنگلہ دیش سے آنے والے میڈیا نمائندگان کے وفد کا ائیرپورٹ پر استقبال کر رہی ہیں

# جشن بہاراں میلہ 10 مئی سے شروع ہوگا

### پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کے زیر انتظام جشن بہاراں میلہ دس مئی سے شروع ہوگا

### افتتاح مریم اورنگزیب کریں گی، افتتاحی تقریب میں راولپنڈی کے دیگر اعلیٰ افسران بھی اس تقریب میں شریک ہونگے

راولپنڈی (این این آئی) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کے زیر انتظام علامہ اقبال پارک مری روڈ میں جشن بہاراں میلہ 2024، 10 مئی سے شروع ہوگا اور 17 مئی تک جاری رہے گا افتتاحی تقریب 10 مئی کو ہوگی جس کا افتتاح صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کریں گی۔ افتتاحی تقریب میں راولپنڈی کے دیگر اعلیٰ افسران بھی اس تقریب میں شریک ہونگے۔( بقیہ نمبر 39 )

## روات پولیس کی کارروائی، نقب زنی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

### قبضہ سے مسروقہ رقم 4 لاکھ 15 ہزار روپے اور طلائی زیورات برآمد کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نقب زنی کی واردات میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ رقم 4 لاکھ 15 ہزار روپے اور طلائی زیورات برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نقب زنی کی واردات میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ( بقیہ نمبر 40 )

## جمہوری روایات میں انتہا پسندی کی کوئی گنجائش نہیں، نسرین اشرف

### ڈائیلاگ کے ذریعے وجود میں آنے والا ملک ڈائیلاگ سے ہی آگے بڑھے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین این اے 54 اسلام آباد کی صدر نسرین اشرف نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے قائدین نے انتقامی نہیں بلکہ ہمیشہ مفاہمت کی سیاست کی ہے جبکہ پی ٹی آئی نے سیاسی اور قانونی بحران پیدا کرنے کی کوشش کی تاکہ ملک دیوالیہ ہوجائے، ہم نے کہا تھا کہ آئیں آپ حکومت بنائیں، خود حکومت نہیں بنائی ہمیں بھی کہا حکومت نہ بنائیں تاکہ آئینی بحران ہو، آج آپ انگلیاں اٹھا رہے ہیں کہ یہ کام نہیں ہو رہا، آپ ( بقیہ نمبر 41 )

## سرچ آپریشنز، گھروں، دوکانوں اور افراد کے کوائف چیک

### نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری جاری رہے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کئے، سرچ آپریشنز میں گھروں، دوکانوں اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی، تھانہ روات، تھانہ کلرسیداں، تھانہ چکری، تھانہ مندرہ، تھانہ جاتلی اور چونترہ پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں مقامی پولیس، ( بقیہ نمبر 42 )

## موٹرسائیکل چوری میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، 7 موٹرسائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرکے چوری شدہ 7 موٹرسائیکل برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں سجاد اور فرحان شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 7 موٹرسائیکل برآمد ہوئے۔

## اسلام آباد، پراپرٹی جرائم میں ملوث 11 عادی مجرمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا پراپرٹی جرائم میں ملوث عادی مجرمان کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس ٹیموں نے پراپرٹی جرائم میں ملوث 11 عادی مجرمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا پراپرٹی مقدمات میں ملوث عادی مجرمان کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔

فوری ضرورت
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

والڈ سٹی اتھارٹی کے زیر اہتمام شالیمار باغ میں فن گالہ کے موقع پر مداری بندر کا تماشہ دکھا رہا ہے

## ایلیٹ فورس کی تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 9 سالہ بچہ جاں بحق

### متوفی ریحان گلی میں سائیکل چلا رہا تھا کہ تیز رفتار پولیس وین نے اسے کچل دیا

لاہور (آئی آئی پی) لاہور میں ایلیٹ فورس کی تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 9 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ لاہور کے علاقے ہربنس پورہ میں پولیس وین کی ٹکر سے 9 سالہ ریحان کے جاں بحق ہونے کی سامنے آنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی جس میں دیکھا گیا کہ متوفی ریحان گلی میں سائیکل چلا رہا تھا کہ تیز رفتار پولیس وین نے اسے کچل دیا۔

## عرس و میلہ حضرت احمد شاہ بخاری کی شاندار کامیاب

### معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت کو زبردست خراجِ تحسین

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) عرس و میلہ حضرت احمد شاہ بخاری کی شاندار کامیاب تقریبات کروانے پر عوامی حلقوں کیطرف سے معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت کو زبردست خراج تحسین سابق اسسٹنٹ کمشنر محمد عارف قریشی ڈنڈوت کی سرزمین پر ولولہ انگیز استقبال قصبہ ڈنڈوت دربار عالیہ حضرت احمد شاہ ( بقیہ نمبر 43 )

کشمیری بازار میں کاریگر گاہکوں کیلئے سموسہ رول پٹی تیار کر رہے ہیں

## کندھ کوٹ پولیس کی زیادتیوں کیخلاف سبزوئی برادری کا احتجاج

### فیک آپریشن میں ہمارے 7 مرد اور 10 سے زیادہ عورتیں چھوٹے بچے اٹھا کر لے گیا

### صاف شفاف انکوائری کر کے ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے، مظاہرین

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ پولیس کی زیادتیوں کے خلاف سبزوئی برادری کا احتجاج۔ مظاہرین نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نے فیک آپریشن کر کے ہمارے 7 مرد اور 10 سے زیادہ عورتیں چھوٹے بچے اٹھا کر لے گیا۔ کندھ کوٹ گزشتہ روز پولیس کی جانب سے فیک آپریشن کر کے ہمارے گھر جلا کر مسمار کردیے اور قیمتی سامان گندم سولر پینل بیٹری اور زیورات لے گئے مزید مظاہرین نے کہا کہ کندھ کوٹ پولیس سیاسی بنیاد پر انتقامی کارروائی کر رہا ہے ہم اعلی حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں ڈاکو ہونے سے بچالیا جائے مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہم آئی جی سندھ اور ڈی آئی جی لاڑکانہ ( بقیہ نمبر 44 )

## آئی جی اسلام آباد کا پولیس افسران کیلئے ایک اور احسن اقدام

### فورس کے غازیوں کی نامزدگی اور ویلفیئر کیلئے باقاعدہ اسٹینڈنگ آرڈر جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے شہداء کی فلاح و بہبود کیساتھ پولیس فورس کے غازیوں کی نامزدگی اور ویلفیئر کیلئے باقاعدہ اسٹینڈنگ آرڈر جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے شہداء کی فلاح و بہبود کے ساتھ پولیس فورس کے غازیوں کی نامزدگی اور ویلفیئر کے لئے باقاعدہ اسٹینڈنگ آرڈر جاری کر دیا، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس فورس میں شہداء کو بلند مقام دیا گیا ہے اور ان کے اہل ( بقیہ نمبر 45 )

وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کے احکامات کے باوجود مرکزی سبزی منڈی کے باہر مرکزی شاہراہ پر تجاوزارت کی بھرمار کا منظر

## شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز کا نوٹس

### ایس ایس پی آپریشنز نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مندرہ کے علاقہ پڑی فیروزال میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی اور ایس ایچ او مندرہ کو فوری ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا، مندرہ پولیس نے واقعہ کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کرنے والے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مندرہ کے علاقہ پڑی فیروزال میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر ایس ( بقیہ نمبر 46 )

کارپیٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کر رہے ہیں

## تھانہ ٹیکسلا کے علاقے میں ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

### ایک ملزم ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، پولیس مصروف تفتیش

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا کے علاقے میں 3 موٹرسائیکل سوار ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے دوران 1 ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے مشکوک موٹرسائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی، فائرنگ کے دوران 1 ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ ( بقیہ نمبر 47 )

## ایس پی راول کی بی بی ایچ ہسپتال آمد، جلد صحت یابی کی دعا

### فیصل سلیم کی مری روڈ پر ملزمان کی فائرنگ سے زخمی کانسٹیبل عاصم کی عیادت

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول فیصل سلیم کی بی بی ایچ ہسپتال آمد، ایس پی راول نے مری روڈ پر نامعلوم کار سوار ملزمان کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کانسٹیبل عاصم کی عیادت کی اور جلد صحت یابی کی دعا کے ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول فیصل سلیم نے بی بی ایچ ہسپتال میں مری روڈ پر نامعلوم ( بقیہ نمبر 48 )

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

# اوور بلنگ کرنیوالے ڈسکوز افسران کیخلاف 3 سال کی سزا کابل منظور

### آئندہ ایف آئی اے نہیں نیپرا اوور بلنگ پر کارروائی کرے گا، قومی اسمبلی نے ڈسکوز میں اوور بلنگ پر قانون سازی کی منظوری دیدی

### بلاوجہ ہراسمنٹ سے بچنے کے لیے رولز تبدیل کیے گئے، ایف آئی اے صرف نشاندہی کرے گا، افسران گرفتاری کا مجاز نہیں ہوگا

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے اوور بلنگ پر 3 سال کی سزا کا بل منظور کرلیا۔ وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری کی جانب سے بتایا گیا کہ قومی اسمبلی نے ڈسکوز میں اوور بلنگ پر قانون سازی کی منظوری دیدی ہے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ نیپرا ایکٹ میں ترمیم سے ایک اور وعدہ پورا کر دکھایا، اس شق سے اوور بلنگ اور غلط بلنگ والے افسران ( بقیہ نمبر 49 )

## راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 2 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے ملزم عمران سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم فرید اللہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے

## راولپنڈی، مختلف مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دھوکا دہی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم سہیل کو گرفتار کر لیا، کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم شہباز حسین کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سالوں سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھا۔

کراچی: یو اے ای کے پاکستان میں سفیر ڈاکٹر حماد عبید ابراہیم سلیم الزابی قائداعظم محمد علی جناح کے روم میں رکھی مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کر رہے ہیں

## ایس پی راول کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد

### شہریوں کے مسائل سنے، مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول فیصل سلیم نے پولیس ( بقیہ نمبر 50 )

## ریٹائرڈ ایس پی ریاض احمد بوسال کے اعزاز میں الوداعی تقریب

### ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن نے ریٹائرڈ افسر کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے ایس پی ریاض احمد بوسال کے اعزاز میں سکیورٹی ڈویژن میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن نے ریٹائرڈ افسر کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مستقبل ( بقیہ نمبر 51 )

# شاہراہ قراقرم پر موٹروے پولیس تعینات کرنے کا مطالبہ

### گلگت بلتستان میں سیاحت پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، محفوظ سفر ضروری ہے، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان

وومن چیمبر آف کامرس کی صدر صبوحی حسین، پیٹرن انچیف فلیم خالد کے درمیان دستاویزات کے تبادلے کے موقع پر وائس چانسلر کوہسار یونیورسٹی ڈاکٹر حبیب بخاری بھی موجود ہیں

گلگت (اے ایف پی) وزیر اعلی گلگت بلتستان گلبر خان نے شاہراہ قراقرم پر موٹروے پولیس تعینات کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ اس ضمن میں وزیراعلی گلگت بلتستان گلبر خان نے وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا کہ قراقرم ہائی وے پر ٹریفک حادثات پر قابو پانے کیلئے موٹروے پولیس کی تعیناتی عمل میں لائی جائے۔ متن میں کہا گیا کہ چلاس کے قریب المناک ٹریفک حادثے کی شفاف تحقیقات کے احکامات دیئے ہیں، حقائق کی روشنی میں مستقبل میں ٹریفک حادثات سے بچنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، قراقرم ہائی وے میں بڑھتے حادثات سے قیمتی انسانی ( بقیہ نمبر 52 )

## راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 5 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمات درج کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم حنظلہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم آصف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، آرائے بازار پولیس نے ملزم شہزاد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم حماد علی سے 1 خنجر، مندرہ پولیس ( بقیہ نمبر 53 )

## راہزنی میں مطلوب منظم گروہ کے پانچ ارکان گرفتار

### قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، موٹرسائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) انسداد راہزنی ڈکیتی یونٹ پولیس ٹیم نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کر کے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والے موٹرسائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر ( بقیہ نمبر 54 )

## کار چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

### چوری شدہ ٹیوٹا کرولا اور 5 مہران کاریں برآمد کرلیں

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کرکے چوری شدہ ٹیوٹا کرولا اور 5 مہران کاریں برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ( بقیہ نمبر 55 )

عبدالعلیم خان اپنے دورہ جی بی کے دوران وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان سے ملاقات کر رہے ہیں

## راولپنڈی، 10 منشیات فروش اور شراب سپلائر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے چرس اور شراب برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے ملزم بلال سے 550 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم منیر علی سے 260 گرام چرس، ملزم سمیر سے 20 لیٹر شراب، ملزم جہانگیر سے 50 لیٹر شراب، ریس کورس ( بقیہ نمبر 56 )

# غیر ملکی تارکین وطن کی حرم مکی میں بغیر اجازت داخلے پر پابندی عائد

### ایسے افراد جو حج کے اجازت نامے نہیں رکھتے انہیں پہلے حج کے لیے تمام ضروری لوازمات مکمل کرنا ہوں گے

### عمرہ ویزا کی مدت اجرا کی تاریخ سے 3 ماہ تک ہے، عمرہ سیزن پندرہ ذی الحج کو ختم ہوجاتا ہے

مکہ مکرمہ (آئی آئی پی) سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے حج انتظامات کے باعث غیر ملکی تارکین وطن کی حرم مکی میں بغیر اجازت داخلے پر پابندی عائد کردی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق وزارت داخلہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (پر جاری بیان میں کہا کہ اس اقدام کا مقصد حج انتظامات کو منظم کرنا اور بغیر اجازت حج کرنے والوں کو روکنا ہے۔ ایسے غیر ملکی جن کے پاس مقدس دارالحکومت حرم مکی کے اندر ورک پرمٹ، عمرہ ویزہ پرمٹ یا وزٹ ویزہ موجود ہے انہیں اضافی اجازت نامہ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں، ایسے ( بقیہ نمبر 57 )

## صادق آباد پولیس کی کارروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث ملزم

### قبضہ سے چوری شدہ 2 موٹرسائیکل، نقدی 10 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ 2 موٹرسائیکل، نقدی 10 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری کی وارداتوں میں ملوث ملزم آصف کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چوری شدہ 2 موٹرسائیکل، نقدی 10 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ملزم سے مال مسروقہ کی برآمدگی شناخت پریڈ کے بعد کی گئی۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے صادق آباد پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
اعلانِ تقرری
روزنامہ ”عوامی للکار“ راولپنڈی کی طرف سے
علی نواز
کو کندھ کوٹ سے رپورٹر مقرر کیا جاتا ہے۔
تمام سرکاری، غیر سرکاری، ادبی اور صحافتی ادارے نوٹ فرمالیں
تمام سیاسی، سماجی، صحافتی، مذہبی اور ادبی تنظیمیں اپنی سرگرمیوں کی کوریج کے لیے ان سے رابطہ کریں
(ادارہ)
Www.awamilalkaar.com
Info@awamilalkaar.com